صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
CPNE MEMBER

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد نمبر 18 | منگل 18 مارچ 2025ء 17 رمضان المبارک 1446ھ 8 صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 77

KP: دہشتگردوں کے 3 تھانوں پر حملے، پولیس کی بروقت کارروائی، امن دشمن فرار

لکی مروت کے تھانہ گمبیلا پر دہشت گردوں نے 10 سے 15 مسلح افراد کے ساتھ حملہ کرنے کی کوشش کی تاہم پولیس کی جوابی کارروائی سے حملہ پسپا کر دیا گیا، حملہ آور بھاری ہتھیاروں کی مدد سے فرار ہو گئے

پشاور میں بھی پولیس چوکی ملازئی پر دہشت گردوں نے دستی بم سے حملہ کیا جبکہ خیبر پولیس چوکی بائی پاس روڈ پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہو گئے

اسی دوران جمرود ایف سی چیک پوسٹ پر بھی شدت پسندوں نے حملہ کیا، ایف سی باڑہ رائفلز کی جوابی فائرنگ کے بعد حملہ آور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے

پشاور: (آئی پی ایس) خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کی جانب سے کیے گئے تین حملے پولیس کی بروقت کارروائی سے ناکام بنا دیئے گئے۔ لکی مروت کے تھانہ گمبیلا پر دہشت گردوں نے 10 سے 15 مسلح افراد کے ساتھ حملہ کرنے کی کوشش کی تاہم پولیس کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سپریم کورٹ نے کرسچن کمیونٹی سے امتیازی سلوک کے خلاف درخواست خارج کر دی

اشتہارات میں سویپر کی نوکریاں کرسچنز سے منسوب کی جاتی ہیں، درخواست گزار

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کرسچن کمیونٹی کے ساتھ امتیازی سلوک کے خلاف درخواست خارج کر دی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

رجسٹرار آفس کے اعتراضات برقرار رکھتے ہوئے

جوڈیشل کمپلیکس حملہ، مراد سعید سمیت 3 پی ٹی آئی رہنما اشتہاری قرار

واثق قیوم عباسی اور راجہ بشارت سمیت متعدد غیر حاضر ملزمان کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس میں مسلسل غیر حاضری پر پی ٹی آئی رہنما مراد سعید، حماد اظہر اور فرخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سانحہ جعفر ایکسپریس: میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو تیار ہوں

وزیر دفاع

اگر میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو میں استعفیٰ دینے کیلئے حاضر ہوں، مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، افسوسناک واقعے کو بڑا سکیورٹی لیپس قرار دیتے ہوئے وزیر داخلہ، وزیر دفاع اور وزیر اطلاعات سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا تھا

اپوزیشن رہنماء اسد قیصر کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم پی ٹی آئی پر الزام لگاتے رہے تھے حالانکہ جعفر ایکسپریس پر جواب دینا چاہیے تھا۔ وزیر اعظم سانحے پر بات کرنے کے بجائے لیپ ٹاپ تقسیم کرتے رہے تھے

وزیر اعظم نے سب سے پہلے تنقید کا نشانہ پی ٹی آئی کو بنایا تھا۔ چند بیانات جو صحیح یا غلط ہیں، اس کا سہارا لے کر قوم کو تقسیم کر رہے تھے، ہمہ جہت کانفرنس بلا کر اجتماعی طور پر ایسا نظام بنائیں کہ ہم بربادی سے نکل آئیں

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو میں حاضر ہوں، مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، اپوزیشن کی جانب سے عہدے سے استعفے کے مطالبے پر وزیر دفاع نے اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ کچھ لوگ جعفر ایکسپریس پر حملے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو نیشنل ہیلتھ اینڈ پاپولیشن پالیسی پر بریفنگ دی جا رہی ہے۔

سپریم کورٹ: کیا حکومتوں کو یہ بھی بتانا پڑے گا کیا کرنا ہے؟

وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں، کیا حکومتوں کو یہ بھی بتانا پڑے گا کیا کرنا ہے؟

وفاقی حکومت کا موقف طلب کر لیا اور سماعت دو ہفتوں کیلئے ملتوی کرتے ہوئے جی بی حکومت سے بھی تحریری موقف طلب کر لیا

اسلام آباد: (آئی پی ایس) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ کے رکن جج نے گلگت بلتستان میں ججز کی تقرریوں سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں، کیا حکومتوں کو یہ بھی بتانا پڑے گا کیا کرنا ہے؟ جسٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشیں رچانے والے محب وطن نہیں، رانا تنویر حسین

دہشتگردی کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، قومی سلامتی کے اجلاس میں اہم فیصلے کئے جائینگے

نارنگ منڈی (این این آئی) وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ دہشتگردی کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، سکیورٹی فورسز پر حملے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان، 517 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج مثبت رجحان دکھائی دے رہا ہے۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس 517 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

پارلیمان کی قومی سلامتی اجلاس بروقت فیصلہ ہے، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین سید نیئر بخاری نے کہا ہے کہ پارلیمان کی قومی سلامتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے الفینٹی انفارمیشن سسٹم کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

شادی کے بغیر پیدا بچوں کی کفالت بائیولوجیکل والد کی ذمہ داری ہے: عدالت

ریپ یا شادی کے بغیر پیدا ہونیوالے بچوں کی کفالت کرنا بائیولوجیکل والد کی ذمہ داری ہے، ہائیکورٹ

عدالت نے 5 سالہ بچی کے خرچے کے دعوے سے متعلق کیس دوبارہ ٹرائل کورٹ کو ریمانڈ کر دیا

لاہور (این این آئی) زیادتی یا بغیر شادی کے پیدا ہونے والے بچوں کی کفالت ماں کرے گی یا باپ؟ اس حوالے سے عدالت نے اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں نیا قانونی نقطہ طے کر دیا، جس کے مطابق ریپ (زیادتی) یا شادی کے بغیر پیدا ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

حنیف عباسی کی متحدہ عرب امارات کے سفیر سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری چیئرمین پی کیو اے سے ملاقات کر رہے ہیں

صدر مملکت پولو میچ دیکھنا چھوڑ کر اے پی سی بلائیں، فواد چوہدری

بلوچستان کے وسائل مقامی سطح پر منتقل کرنا ضروری ہے

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل کو مقامی سطح پر منتقل کرنا ضروری ہے ورنہ مسائل کا حل نہیں نکلے گا، صدر مملکت پولو میچ دیکھنا چھوڑ کر آل پارٹیز کانفرنس بلائیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی، (ن) لیگ اور پی ٹی آئی پاکستان کے اثاثے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

رواں سال 15 لاکھ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دیے جائیں گے، رانا مشہود

ہم نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کی خدمت کی، خطاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نے کہا ہے کہ رواں سال 15 لاکھ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع دیے جائیں گے۔ پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما اور وزیر اعظم پاکستان کے یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

خوارج پاکستان میں ترقی نہیں ہونے دینا چاہتے، گورنر سندھ

پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے، خوارج پاکستان میں ترقی نہیں ہونے دینا چاہتے۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول کے ہمراہ عائشہ منزل پر سحری کی، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ کا کہنا تھا کہ ٹوٹکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

عوام کے تعاون کے بغیر شرپسند عناصر کا خاتمہ ممکن نہیں، بیرسٹر سیف

خیبر پختونخوا پولیس بہادری سے دہشتگردوں کا مقابلہ کر رہی ہے

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیاسی بیان بازی سے گریز کرے، وفاقی حکومت نے مدد کے بجائے صوبے کے فنڈز روک رکھے ہیں۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ دہشت گردی صوبائی نہیں بلکہ قومی مسئلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

وزیر اعظم شہباز شریف نے قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا ان کیمرہ اجلاس طلب کر لیا

اجلاس قومی اسمبلی ہال میں منعقد کیا جائے گا جس میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز اور نامزد نمائندگان شرکت کریں گے

قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس ان کیمرہ منعقد ہوگا جس میں متعلقہ اداروں کی جانب سے ملک کی مجموعی سکیورٹی صورت حال پر بریفنگ دی جائے گی

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیر اعظم شہباز شریف نے قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا ان کیمرہ اجلاس کل طلب کر لیا، وزیر اعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ترقی کرتا پاکستان ہمارے دشمنوں کی آنکھوں میں کھٹکتا ہے، سیف الملوک کھوکھر

دہشتگردوں کا ہر جگہ پیچھا کیا جائے گا، سوشل میڈیا دہشتگردی بھی قابل مذمت ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ ترقی کرتا پاکستان ہمارے دشمنوں کی آنکھوں میں کھٹکتا ہے، بھارت کی مالی معاونت سے دہشتگردی کرنے والے نہ پہلے پاکستانی قوم کے عزم کو متزلزل کر سکے نہ آئندہ اس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک کی ملاقات

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک نے ملاقات کی جس میں امت کو درپیش مسائل پر گفتگو کی گئی۔ ذرائع کے مطابق معروف مذہبی اسکالر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

لاہور: نواز شریف سے معروف مذہبی اسکالر ڈاکٹر ذاکر نائیک ملاقات کر رہے ہیں۔

گنڈاپور بیان بازی کے بجائے صوبے کے مسائل پر توجہ دیں، محمود خان

عوام نے آپ کو نہیں بلکہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو ووٹ دیا ہے، امن کیلئے کام کریں

پشاور (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹرین اور سابق وزیر اعلیٰ محمود خان نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سابق وزیر اعلیٰ محمود خان کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور بیان بازی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

کراچی: ڈاکٹر علی خان فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن، مسز ارم اکبر (R-LI) وائس چانسلر SSUET جعفر نذیر عثمانی سے گلدستہ وصول کر رہی ہیں۔

آئندہ چند روز میں وزیر اعظم کے اعلان سے بجلی صارفین خوش ہوں گے، اویس لغاری

اگلے 6 برسوں میں گردشی قرضوں کو اتار دیں گے، سولر میٹرنگ سے متعلق نئی پالیسی اچھی ہے

لاہور (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں قوم کو وزیر اعظم کی طرف سے جلد ریلیف ملے گا۔ آئندہ چند روز میں وزیر اعظم کے اعلان سے بجلی صارفین خوش ہوں گے، اگلے 6 برسوں میں گردشی قرضوں کو اتار دیں گے، گردشی قرضے کی مد میں صارفین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ملک بھر میں بحریہ ٹاؤن کی متعدد عمارتیں سیل، درجنوں گاڑیاں ضبط، اکاؤنٹس منجمد

بحریہ ٹاؤن کی جانب سے پرکشش لالچ سے گریز کریں، نیب اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے بحریہ ٹاؤن کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیو مری گولف سٹی اور اسلام آباد میں کثیر المنزلہ رہائشی و کمرشل جائیدادوں کو سربمہر کر دیا۔ میڈیا پارٹ کے مطابق نیب نے ملک ریاض اور دیگر افراد کے خلاف فراڈ کے زیر تفتیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

سانحہ جعفر ایکسپریس: ادارے کیخلاف پروپیگنڈا کرنیوالا ملزم بنی گالا سے گرفتار

ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت حیدر سعید کے نام سے ہوئی، ملزم کو چھاپہ مار کارروائی میں بنی گالا اسلام آباد سے گرفتار کیا گیا

ملزم کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل شواہد قبضے میں لے کر تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے، ملزم کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

اسلام آباد: (آئی پی ایس) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل اسلام آباد نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے ریاستی اداروں کے خلاف نفرت انگیز مہم چلانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت حیدر سعید کے نام سے ہوئی، ملزم کو چھاپہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

26 نومبر احتجاج: بشریٰ بی بی کی دو مقدمات میں عبوری ضمانت میں 5 مئی تک توسیع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف 26 نومبر احتجاج سے متعلق درج دو مقدمات میں عبوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

رمضان المبارک ہمدردی اور غمخواری کا مہینہ ہے، جے یو آئی

اہل ثروت صدقات زکوٰۃ، صدقہ فطر سے یتیموں، غرباء، نادار، مفلس لوگوں کی ضرورتوں کو پورا کریں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

خیبر پختونخوا کے علاقے جنوبی وزیرستان کے دونوں اضلاع میں کرفیو نافذ

ضلع شمالی، جنوبی وزیرستان اپر اور ٹانک کے ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے کرفیو کے نوٹیفکیشنز جاری

جنوبی وزیرستان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے علاقے جنوبی وزیرستان کے دونوں اضلاع میں کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ گزشتہ روز ضلع جنوبی وزیرستان اپر، ضلع جنوبی وزیرستان لوئر اور ٹانک کے ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے کرفیو کے نوٹیفکیشنز جاری کئے گئے تھے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صبح 6 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر حکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں انسداد دہشتگردی کے ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

فوج کا کوئی جوان دہشتگردوں کی حراست میں نہیں

رانا ثناء اللہ

بلوچستان میں کسی گرینڈ آپریشن کی ضرورت نہیں ہے، پاک فوج کا کوئی جوان دہشت گردوں کی حراست میں نہیں ہے

کسی گرینڈ آپریشن کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ بلوچستان میں پہلے سے ہی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی جا رہی ہیں

فیصل آباد (آئی پی ایس) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں کسی گرینڈ آپریشن کی ضرورت نہیں ہے، پاک فوج کا کوئی جوان دہشت گردوں کی حراست میں نہیں ہے، واقعہ کے بعد چند گھنٹے میں مسلح افواج نے دہشت گردوں کا خاتمہ کر دیا، جائے وقوعہ سب کے لیے کھلا ہے، کوئی بھی وہاں جا کر دیکھ سکتا ہے، پوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے توانائی کے شعبے میں اہم پیش رفت

جدید سسٹم کے ذریعے 3,774 میٹر گہرائی میں دبے ہوئے وسائل منظر عام پر لائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے توانائی کے بحران پر قابو پانے کے لیے ایس آئی ایف سی کے تعاون سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے چکوال کے ضلع میں واقع راجیان-11 ہیوی آئل ویل میں تیل کی پیداوار کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

پیٹرول کا پیسہ اور وسائل بجلی کی قیمت کم کرنے پر لگائیں گے، وزیر پیٹرولیم

حکومت لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کرے گی جو سیاست چمکانے کی کوشش کرے گا اسے منہ کی کھانا پڑے گی

پیٹرول کا پیسہ اور وسائل بجلی کی قیمت کم کرنے پر لگائیں گے اور وزیر اعظم جلد بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا اعلان کریں گے

اسلام آباد (آئی پی ایس) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کا کہنا ہے کہ پیٹرول کا پیسہ اور وسائل بجلی کی قیمت کم کرنے پر لگائیں گے اور وزیر اعظم جلد بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا اعلان کریں گے۔ وزارت کا چارج سنبھالنے کے بعد علی پرویز ملک نے لاہور میں کوٹ خواجہ سعید اسپتال کا دورہ کیا، اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ حکومت لوگوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

لکی مروت پولیس کا آپریشن، کالعدم ٹی ٹی پی کے عارضی ٹھکانے تباہ

عباسہ خٹک اور آس پاس سمیت پنجاب بارڈر کے ساتھ تمام عارضی پناہ گاہیں ختم ہوں گی

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت پولیس نے سرحدی علاقے میں سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشن کے دوران کالعدم ٹی ٹی پی کے عارضی ٹھکانوں کو بموں سے تباہ کر دیا۔ پولیس کے مطابق کرک اور میانوالی کے سنگم پر پہاڑوں میں قائم کیمپ تباہ کر دیا۔ آئی جی پی، کے پی نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

آئندہ چند روز میں وزیر اعظم کے اعلان سے بجلی صارفین خوش ہوں گے، اویس لغاری

اگلے 6 برسوں میں گردشی قرضوں کو اتار دیں گے، سولر میٹرنگ سے متعلق نئی پالیسی اچھی ہے

لاہور (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں قوم کو وزیر اعظم کی طرف سے جلد ریلیف ملے گا۔ آئندہ چند روز میں وزیر اعظم کے اعلان سے بجلی صارفین خوش ہوں گے، اگلے 6 برسوں میں گردشی قرضوں کو اتار دیں گے، گردشی قرضے کی مد میں صارفین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ملک بھر میں بحریہ ٹاؤن کی متعدد عمارتیں سیل، درجنوں گاڑیاں ضبط، اکاؤنٹس منجمد

بحریہ ٹاؤن کی جانب سے پرکشش لالچ سے گریز کریں، نیب اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے بحریہ ٹاؤن کراچی، لاہور، تخت پڑی، نیو مری گولف سٹی اور اسلام آباد میں کثیر المنزلہ رہائشی و کمرشل جائیدادوں کو سربمہر کر دیا۔ میڈیا پارٹ کے مطابق نیب نے ملک ریاض اور دیگر افراد کے خلاف فراڈ کے زیر تفتیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

بنوں: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق

بنوں (این این آئی) بنوں میں ممش خیل شاہ ہندی اڈا میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

سندھ حکومت کا ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ہزاروں طلبہ کو اسکالرشپ دینے کا اعلان کیا ہے۔ محکمہ اقلیتی امور سندھ کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

دہشتگردی کی لہر، پاک فوج کے جوان اپنے خون سے ملک کو بچا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

تین چار دن سے دہشتگردی کی نئی لہر میں کئی واقعات دیکھنے کو مل رہے ہیں، افواج پاکستان اور سکیورٹی ادارے کلیئرنس آپریشنز کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے بھگوڑے باہر بیٹھ کر پاکستان کے خلاف سازشیں کر رہے ہیں، شہباز گل آپ کی پارٹی کا رہنما ہے یا نہیں؟

لاہور: (آئی پی ایس) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ملک میں دہشتگردی کی نئی لہر آئی ہوئی ہے، پاک فوج کے جوان اپنے خون سے ملک کو بچا رہے ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ جعفر ایکسپریس واقعہ، نوشکی اور پشاور دھماکوں کی مذمت کرنا چاہتی ہوں، تین چار دن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد میں سکس سٹار ہوٹل کا قیام خوش آئند ہے، افطار ڈنر کے موقع پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ اسلام آباد میں سکس سٹار ہوٹل کا قیام خوش آئند ہے۔ وہ اسلام آباد ڈویلپرز ایسوسی ایشن کے صدر اور سینچورس گروپ کے سی ای او سردار یاسر الیاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لاہور: مرکزی امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

محسن نقوی کا دہشتگردانہ حملے ناکام بنانے پر خیبر پختونخوا پولیس کو خراج تحسین

خوارجی دہشتگردوں کے ناپاک ارادوں کو خاک میں ملانے پر خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں

خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر سپوتوں نے ہمیشہ دلیری سے خوارجی دہشتگردوں کا مقابلہ کیا ہے اور کر رہی ہے

اسلام آباد: (آئی پی ایس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا کے 3 تھانوں پر خوارجی دہشتگردوں کے حملے ناکام بنانے پر پولیس کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی کا کہنا تھا کہ کے پی کے پولیس نے بہادری کے ساتھ خوارجی دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور حملوں کو پسپا کیا، خوارجی دہشتگردوں کے ناپاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

رحیم یار خان: گیس دھماکے میں زخمی 2 نوجوان دم توڑ گئے

دونوں زخمی شیخ زید اسپتال کے برن یونٹ میں زیر علاج تھے

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان کے ایک گھر میں گیس لیکج سے ہوئے دھماکے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے 2 نوجوان دم توڑ گئے۔ اسپتال کے ذرائع کے مطابق دونوں زخمی شیخ زید اسپتال کے برن یونٹ میں زیر علاج تھے۔ یاد رہے کہ 7 روز قبل رحیم یار خان کے 1 مکان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اداریہ

آپ کی رائے

وزیراعظم کی طرف سے بجلی کی قیمتوں میں بڑے ریلیف کا مژدہ

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بجلی صارفین کو بڑا ریلیف دینے کا دعویٰ اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں حالیہ سطح پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں حالیہ سطح پر برقرار رکھتے ہوئے اس کا پورا مالی فائدہ بجلی کی قیمتوں میں عوام کو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ شہباز شریف کے بقول، یہ اقدام ان بہت سے دیگر اقدامات میں سے ایک ہے جو بجلی کے نرخوں میں بامعنی کمی کا باعث بنے گا۔ بجلی کے نرخوں میں کمی کے حوالے سے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی کے تحت پیکیج تیار کیا جا رہا ہے جس کی تفصیلات کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں ردوبدل کے فرق سے پیدا ہونے والی مالی گنجائش اور دیگر اقدامات سے بجلی کی قیمتوں میں عوام کو بڑا ریلیف دینے کا پیکیج تیار ہے جس کا اعلان آئندہ چند ہفتوں میں کیا جائے گا۔ ایک طرف وزیراعظم کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے اور دوسری جانب یہ خبر بھی منظر عام پر آئی ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر وفاقی حکومت کی جانب سے لیے جانے والے لیوی میں 10 روپے فی لیٹر اضافہ کر دیا گیا ہے۔ پہلے حکومت اس مد میں 60 روپے فی لیٹر لے رہی تھی جسے اب بڑھا کر 70 روپے فی لیٹر کر دیا گیا ہے۔ لیوی میں اضافے کی خبر سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی سے عوام کو ریلیف ملنے کی جو امید پیدا ہوئی تھی، حکومت نے لیوی میں 10 روپے فی لیٹر کے اضافے سے اس امید کو ختم کر دیا ہے۔ افسوس ناک بات یہ ہے کہ پاکستان میں پکے بعد دیگرے قائم ہونے والے تمام حکومتیں ایسی ہی کارگزاریاں کرتی ہیں کہ دعوؤں اور وعدوں کی حد تک عوام کو ہر طرح کا ریلیف مہیا کیا جاتا ہے لیکن عملی طور پر ایسا کچھ نہیں ہوتا۔ اسی طرح بجلی کی قیمتوں کے حوالے سے ایک خبر یہ ہے کہ حکومت نے بجلی صارفین کو اضافی وصولیاں واپس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت، ڈسکوز کے صارفین کے لیے بجلی 30 پیسے فی یونٹ سستی ہونے کا امکان ہے۔ اس سلسلے میں جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن کا یہ کہنا درست ہے کہ حکومت نے مجبور ہو کر جو چند آئی پی پیز بند کیے اس سے قومی خزانے کو 1000 ارب روپے کی بچت ہوئی، ایک ہزار ارب روپے کا یہ فائدہ عوام کو دیا جائے اور بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی کی جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے اعلان کیا ہے کہ بجلی اور پٹرول کی قیمتوں میں کمی کے لیے ہم عید کے بعد بڑی تحریک شروع کریں گے اور پہلے مرحلے میں چاروں صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور گورنر ہاؤسز کا گھیراؤ کریں گے۔ ادھر، وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ قرضوں یا فنڈز کے حصول سے نہیں بلکہ قومیں محنت کی بنیاد پر بنتی ہیں۔ اسلام آباد میں دانش یونیورسٹی آف ایمرجنگ سائنسز کے سائٹ ریویو اور سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے پاکستان کو ایک مضبوط اور خوشحال ملک بنانے اور قائداعظم محمد علی جناح کے نظریات کو عملی جامہ پہنانے کے لیے جدوجہد کرنے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ ممکن ہے شہباز شریف قرضوں سے جان چھڑانے کی جو بات کر رہے ہیں اس کے حوالے سے کوئی قابل عمل منصوبہ ان کے ذہن میں ہو لیکن عملی صورتحال یہ ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی ہمارے ملکی معاملات پر گرفت بڑھتی جا رہی ہے۔ عالمی ساہوکار کی طرف سے پاکستان سے متعلق جو تازہ اعلامیہ جاری کیا گیا اس میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ساتھ 7 ارب ڈالر قرض پروگرام پر جائزے اور کلائمیٹ فنانسنگ کے لیے بات چیت ہوئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق، پاکستان کے ساتھ قرضوں کی ادائیگی کی مینجمنٹ، توانائی کے شعبے میں لاگت کم کرنے اور توانائی شعبے کی بہتری، معاشی ترقی کی شرح بڑھانے اور صحت عامہ کی بہتری کے لیے بھی بات چیت ہوئی۔ آئی ایم ایف کی طرف سے مزید کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ساتھ تعلیم کے فروغ، سماجی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کم کرنے پر تبادلہ خیال ہوا۔

مشکل حالات میں آئی ایم ایف کے جانا ہماری مجبوری ہے لیکن یہ مجبوری ہرگز نہیں کہ ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے لیے کوشش نہ کریں اور آئی ایم ایف اور اس جیسے دیگر اداروں کے سامنے کشکول لے کر کھڑے رہیں۔ 1958ء سے لے کر آج تک کی تاریخ گواہ ہے کہ پاکستانی حکمران جب بھی آئی ایم ایف کے پاس گئے اس کی قیمت عوام کو چکانا پڑی۔ ملک کے معاشی حالات میں بہتری اس وقت تک نہیں آسکتی جب تک حکومت اشرافیہ اور طاقتور طبقات پر سرکاری خزانے سے خرچ ہونے والی خطیر رقم جاری کرنے کا سلسلہ نہیں روکے گی۔ ادھر آئی ایم ایف سے قرضہ لیا جاتا ہے اور ادھر بیوروکریسی کو نئی گاڑیاں اور اضافی مراعات دینے کا سلسلہ شروع کر دیا جاتا ہے تو ایسے میں معیشت کیسے بہتر ہوگی؟ حکومت کو چاہیے کہ سارے سخت فیصلوں کا بوجھ عوام پر ہی نہ ڈالے، کچھ فیصلوں کی سختی اشرافیہ اور بیوروکریسی کے حصے میں بھی آنے دے ورنہ عوام تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق سڑکوں پر نکل آئیں گے جس سے جمہوریت اور جمہوری اداروں کو ناقابل تلافی نقصان بھی پہنچ سکتا ہے۔

17 رمضان غزوۂ بدر، دنیا اسلام کی پہلی عظیم فتح

احسن انصاری

غزوۂ بدر اسلام کی پہلی اور سب سے اہم جنگ تھی جو 17 رمضان 2 ہجری (624 عیسوی) کو مسلمانوں اور قریش کے درمیان ہوئی۔ یہ جنگ بدر کے مقام پر لڑی گئی، جو مدینہ سے تقریباً 80 میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ یہ حق و باطل کا پہلا معرکہ، اسلامی تاریخ کا ایک اہم موڑ ثابت ہوا، جہاں ایمان اور حق کی فتح ہوئی اور ظلم و ستم کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ جب نبی کریم ﷺ اور ان کے صحابہ نے 622 عیسوی میں مدینہ ہجرت کی تو قریش نے ان کے خلاف دشمنی میں مزید اضافہ کر دیا۔ مکہ میں برسوں تک مسلمانوں پر ظلم و ستم کرنے کے بعد قریش چاہتے تھے کہ مدینہ میں بڑھتی ہوئی اسلامی طاقت کو کمزور کر دیا جائے۔ دوسری طرف، مسلمانوں کو اپنے اقتصادی اور سیاسی استحکام کے لیے اقدامات کرنے کی ضرورت تھی۔ 624 عیسوی میں، مسلمانوں کو معلوم ہوا کہ ابوسفیان کی قیادت میں قریش کا ایک قافلہ شام سے تجارتی سامان لے کر مکہ جا رہا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اس قافلے کو روکنے کا منصوبہ بنایا، کیونکہ قریش کا تجارتی مال ہی ان کی طاقت کا اصل ذریعہ تھا۔ لیکن ابوسفیان کو اس کی اطلاع مل گئی، اور اس نے مکہ میں مدد طلب کی۔ قریش نے فوری طور پر 1,000 جنگجوؤں پر مشتمل ایک لشکر تیار کر لیا تاکہ مسلمانوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ مسلمانوں کی تعداد صرف 313 تھی، جن میں کچھ نوجوان اور بوڑھے افراد بھی شامل تھے۔ ان کے پاس صرف دو گھوڑے اور 70 اونٹ تھے، جبکہ قریش کے پاس 100 گھوڑے اور 700 اونٹ تھے۔ اس کے باوجود، مسلمانوں کا ایمان مضبوط تھا اور وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مدد پر مکمل یقین رکھتے تھے۔ نبی کریم ﷺ نے جنگ سے پہلے صحابہ سے مشورہ کیا، جس پر مدینہ کے مسلمانوں (انصار) نے آپ ﷺ سے مکمل وفاداری کا عہد کیا۔ آپ ﷺ نے مسلمانوں کی فوج کو بدر کے کنوؤں کے قریب ایسی جگہ متعین کیا جہاں سے مسلمانوں کو پانی تک آسان رسائی حاصل ہو، جبکہ قریش کو پانی سے دور رکھا گیا۔ جنگ کا آغاز مبارزت یعنی انفرادی مقابلے سے ہوا، جو عرب میں عام روایت تھی۔ مسلمانوں کی طرف سے حضرت علیؓ، حضرت حمزہؓ، اور حضرت عبیدہ بن حارثؓ میدان میں اترے اور قریش کے نامور جنگجوؤں کو شکست دی۔ اس سے مسلمانوں کے حوصلے بلند ہوئے۔ اس کے بعد باقاعدہ جنگ شروع ہوئی۔ مسلمان تعداد میں کم ہونے کے باوجود بہادری، حکمت اور اللہ کے سچے وعدے پر یقین رکھتے تھے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "بے شک، اللہ نے بدر میں تمہاری مدد کی جب تم کمزور تھے، پس اللہ سے ڈرو تاکہ تم شکر گزار بنو۔" (سورہ آل عمران: 123) اسی طرح، اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی مدد کے لیے فرشتے نازل کیے، جیسا کہ قرآن میں ذکر ہے: جب تم نے اپنے رب سے مدد طلب کی، تو اس نے کہا: بے شک میں تمہاری مدد کے لیے ہزار فرشتے بھیج رہا ہوں، جو ایک دوسرے کے پیچھے آ رہے ہیں۔" (سورہ الانفال: 9) حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ان مہاجر صحابہ میں شامل تھے جنہوں نے غزوۂ بدر میں بھرپور حصہ لیا اور دشمن کے خلاف بے مثال جرات کا مظاہرہ کیا۔ غزوۂ بدر میں کفار قریش کی جانب سے ان کے والد عبداللہ بن جراح میدان جنگ میں موجود تھے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سخت مخالفین میں سے تھے۔ جنگ کے دوران ان کا والد بار بار ان کا راستہ روکنے اور انہیں نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا، لیکن حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اسلام اور حق کی خاطر جذباتی وابستگی کو ترک کر دیا اور بنا تاخیر اپنے والد کو ایک لمحے میں قتل کر دیا۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے اس معرکے میں دکھایا کہ ایمان ہر رشتے سے بالاتر ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر دین کی سربلندی کے لیے جنگ لڑی اور دشمنوں کو پیچھے دھکیل دیا۔ جنگ کے اختتام تک قریش کا لشکر شکست کھا چکا تھا۔ ان کے کئی بڑے سردار، جن میں ابوجہل بھی شامل تھا، مارے گئے، جبکہ باقی فوج بھاگ کھڑی ہوئی۔ یہ جنگ مسلمانوں کی تاریخی فتح ثابت ہوئی۔ مسلمانوں کے صرف 14 شہداء ہوئے، جبکہ قریش کے 70 آدمی قتل ہوئے اور 70 قیدی بنا لیے گئے۔ یہ فتح مسلمانوں کے حوصلے مزید بلند کرنے کا باعث بنی۔ اس جنگ نے ثابت کر دیا کہ ایمان اور حکمت کی طاقت بڑی سے بڑی فوج کو شکست دے سکتی ہے۔ نبی کریم ﷺ کی قیادت اور مدبرانہ حکمت عملی کو تسلیم کر لیا گیا۔ قریش کی طاقت کو شدید نقصان پہنچا اور یہ ان کے زوال کی ابتدا ثابت ہوئی۔ اس جنگ کے بعد مسلمانوں کو مدینہ میں مزید مضبوطی حاصل ہوئی، اور ان کی پوزیشن سیاسی اور عسکری لحاظ سے مستحکم ہو گئی۔ غزوۂ بدر نہ صرف ایک فوجی کامیابی تھی بلکہ ایک روحانی اور ایمانی فتح بھی تھی۔ اس جنگ نے یہ واضح کر دیا کہ اگر سچائی، صبر اور اللہ پر بھروسہ ہو تو کوئی بھی مشکل جنگ جیتی جا سکتی ہے۔ یہ معرکہ آج بھی قربانی، استقامت اور اللہ پر مکمل بھروسے کی سب سے بڑی مثال ہے۔ مسلمان کمزور اور تعداد میں قلیل ہونے کے باوجود ایمان کی طاقت سے فتح یاب ہوئے، جو قیامت تک کے لیے ایک سبق ہے۔ یہ جنگ اسلامی تاریخ کی سب سے بڑی فتوحات میں شمار ہوتی ہے اور ہمیشہ کے لیے مسلمانوں کے لیے امید، حوصلہ اور ہمت کی علامت بنی رہے گی۔

الحمدللہ! پاکستان زندہ ہے

نازیہ مصطفیٰ

بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑوں پر چھائی گھمبیر خاموشی کو چیرتی ہوئی جعفر ایکسپریس کی سیٹی نے جب اپنا راستہ تبدیل کیا، تو یہ محض ایک ریل گاڑی کا سفر نہیں تھا جو منزل سے بھٹک گیا۔ یہ تو اس قوم کی داستان غم تھی جس کے وجود کو کھوکھلا کرنے کے لیے بیرونی طاقتوں نے اندرونی غداروں کے ہاتھوں میں بم اور بندوق تھما دی تھی۔ 26 مسافروں کی لاشوں نے جب خاک بلوچستان کو سرخ کیا، تو یہ صرف خون کا دریا نہیں بہہ رہا تھا۔ یہ تو اس "عالمی جنگ" کا ایک اور باب تھا جس میں پاکستان کا کردار صرف ایک میدان جنگ نہیں، بلکہ ایک قلعہ ہے جو عالمی دہشت گردی کی یلغار کو روکے ہوئے ہے۔ جب تک پاکستان کے جوان سرحدوں پر کھڑے ہیں، نیویارک، لندن، اور پیرس کی عمارتیں محفوظ ہیں۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا یہی قلعہ اپنے اندر گھسے ہوئے کیڑوں سے خود محفوظ رہ پائے گا؟

جعفر ایکسپریس کی ہائی جیکنگ کا واقعہ کوئی اچانک نہیں ہوا۔ یہ اس سلسلے کی کڑی ہے جو 2001 کے بعد سے جاری ہے۔ جب امریکہ نے افغانستان پر چڑھائی کی، تو پاکستان کو ایک غیر محفوظ سرحد کا تحفہ ملا۔ آج جب امریکہ شکست کھا کر بھاگ چکا ہے، تو یہی سرحد پاکستان کے لیے زہر بن گئی ہے۔ افغانستان کی عبوری حکومت کے سائے میں پلنے والے دہشت گرد گروہوں نے بلوچستان کو اپنا نیا اڈہ بنا لیا ہے۔ مگر یہ کھیل صرف افغانستان تک محدود نہیں۔ کشمیر سے لے کر خیبر تک، پاکستان کے ہر حصے میں یہ جنگ لڑی جا رہی ہے۔ کیا یہ محض اتفاق ہے کہ جعفر ایکسپریس کے مسافروں کو یرغمال بنانے والوں نے خواتین اور بچوں کو ڈھال بنایا؟ یہ تو وہی تکنیک ہے جسے غزہ میں اسرائیل استعمال کرتا ہے۔ کیا یہ دہشت گردی کا نیا گلوبل ماڈل" ہے جہاں مظلوموں کو ہی نشانہ بنایا جاتا ہے؟

وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت ہونے والے اجلاس میں سول و عسکری قیادت کا ایک زبان ہونا اطمینان کا باعث ہے، مگر یہ سوال ابھی زندہ ہے کہ کیا ہماری حکمت عملی محض ردعمل تک محدود رہے گی؟ ہماری تاریخ گواہ ہے کہ ہر دہشت گرد حملے کے بعد ہم سخت کارروائی کا اعلان کرتے ہیں، مگر دہشتگردوں کی جڑوں تک نہیں پہنچ پاتے۔ 2014 میں آپریشن ضرب عضب کے بعد ہم نے سمجھا کہ دہشت گردی کا خاتمہ ہو گیا، مگر یہ عفریت ایک نئی شکل میں واپس آ گیا ہے۔ کیا ہم نے کبھی سوچا کہ یہ دہشت گرد کہاں سے آتے ہیں؟ کون انہیں فنڈنگ دیتا ہے؟ کون انہیں جدید اسلحہ فراہم کرتا ہے؟ جب تک ہم ان سوالوں کے جواب نہیں ڈھونڈیں گے، تب تک ہر کارروائی محافظوں کی ایک اور قربانی ہوگی۔

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے بیان نے جہاں عوام کو تسلی دی، وہیں ایک تلخ حقیقت بھی عیاں کی۔ افغان عبوری حکومت کو دیا گیا مشورہ دراصل ایک چیلنج ہے۔ کیا کابل میں بیٹھے طالبان اس جنگ میں پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں؟ یا پھر وہ اپنی سرزمین کو دہشت گردوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ بنانے پر تلے ہوئے ہیں؟ افغانستان کی تاریخ بتاتی ہے کہ وہاں کے حکمران کبھی کسی کے اتحادی نہیں رہے۔ ان کا مفاد صرف اپنی بقا ہے۔ کیا پاکستان کو اپنی سلامتی کے لیے افغان سرحد پر ایک نئی دیوار تعمیر کرنی ہوگی؟ یا پھر عالمی برادری کو اس مسئلے پر سنجیدگی سے کام کرنا ہوگا؟

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا کردار عالمی سطح پر سراہا جاتا ہے، مگر یہی عالمی برادری ہمیں تنہا چھوڑ دیتی ہے۔ چین، امریکہ، روس، سب کے مفادات پاکستان سے جڑے ہیں، مگر کیا یہ ممالک دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنے وسائل استعمال کرنے کو تیار ہیں؟ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا بیان محض الفاظ کا پلندہ ہے۔ کیا انہوں نے کبھی اسرائیل کے خلاف قرارداد منظور کی ہے؟ کیا انہوں نے بھارت کے زیر انتظام کشمیر میں انسانیت کے خلاف مظالم کو روکا ہے؟ عالمی برادری کا یہ دوہرا معیار پاکستان کے لیے ایک مستقل چیلنج ہے۔

اس جنگ کا ایک اور محاذ سوشل میڈیا ہے۔ جعفر ایکسپریس کے واقعے کے فوراً بعد بھارتی اکاؤنٹس سے جعلی ویڈیوز اور پراپیگنڈے کا ایک طوفان اٹھ کھڑا ہوا۔ یہ کوئی نیا ہتھیار نہیں۔ 2019 کے "ڈرامے" کے دوران بھی بھارت نے اسی طرح کی مہم چلائی تھی۔ مگر سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان کے اندر بیٹھے کچھ "دانشور" اس پراپیگنڈے کو ہوا دینے میں مصروف ہیں؟ کیا ہماری اپنی صفوں میں وہ لوگ موجود ہیں جو قوم کو تقسیم کرنے کے لیے بیرونی ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں؟ یہ المیہ صرف پاکستان کا نہیں۔ ہر قوم کے اندر غدار ہوتے ہیں، مگر فرق یہ ہے کہ کچھ قومیں ان غداروں کو بے نقاب کر دیتی ہیں، اور کچھ انہیں "آزادی رائے" کا نام دے کر پالنے لگتی ہیں۔

قیام پاکستان کے بعد سے ہی اس کے خاتمے کی سازشیں چلتی رہی ہیں۔ 1971 میں ہم نے مشرقی پاکستان کھو دیا، مگر آج کا پاکستان اس سے کہیں مضبوط ہے۔ ہماری فوج نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جو قربانیاں دی ہیں، وہ تاریخ کے اوراق میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ مگر یہ جنگ صرف فوج کی نہیں، بلکہ پوری قوم کی ہے۔ جب تک ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم، روزگار، اور انصاف فراہم نہیں کریں گے، تب تک دہشت گردوں کے لیے بھرتی کے دروازے کھلے رہیں گے۔ کیا ہم نے کبھی سوچا کہ بلوچستان کے پہاڑوں میں بیٹھے نوجوان کیوں دہشت گرد گروہوں میں شامل ہوتے ہیں؟ کیا یہ محض بیرونی سازش ہے؟ یا پھر ہماری اپنی ناانصافیوں نے انہیں مجبور کیا ہے؟ اس جنگ کا اصل صرف بندوق کی نوک پر نہیں۔ ہمیں اپنے تعلیمی نظام کو تبدیل کرنا ہوگا۔ ہمارے مدارس اور یونیورسٹیاں ایسے شہری پیدا کر رہے ہیں جو یا تو فرقہ واریت کا شکار ہیں یا پھر مایوسی کے اندھیروں میں گم ہیں۔ ہمیں اپنی معیشت کو استحکام دینا ہوگا۔ جب تک نوجوان کو روزگار نہیں ملے گا، تب تک وہ کلاشنکوف اٹھانے کی جانب مائل ہوتا رہے گا اور دہشت گردوں کا آلہ کار بنتا رہے گا۔ ہمیں اپنی خارجہ پالیسی کو نئے سرے سے ترتیب دینا ہوگا۔ کیا ہم امریکہ اور چین کے درمیان توازن قائم کر سکتے ہیں؟ کیا ہم روس اور ایران کے ساتھ تعلقات کو استحکام دے سکتے ہیں؟

جعفر ایکسپریس کا واقعہ ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ دہشت گردی کا خاتمہ صرف فوجی کارروائی سے نہیں ہوگا۔ یہ ایک جامع حکمت عملی کا تقاضا کرتی ہے جس میں تعلیم، معیشت، اور انصاف سب شامل ہوں۔ ہمیں اپنے دشمنوں کو پہچاننا ہوگا، نہ صرف وہ جو سرحدوں کے پار بیٹھے ہیں، بلکہ وہ جو ہماری صفوں میں گھسے ہوئے ہیں۔ اقوام متحدہ اور علاقائی تنظیموں کی کاوشیں تب ہی کامیاب ہوں گی جب وہ دہشت گردی کی جڑوں تک پہنچیں گی۔ ورنہ یہ محض ایک ڈرامہ رہے گا جس کا اختتام خاکم بدہن ایک اور جعفر ایکسپریس کے سانحے پر ہو سکتا ہے۔

پاکستان کا عزم ہمیشہ کی طرح غیر متزلزل ہے۔ ہم نے ماضی میں بھی دشمنوں کو شکست دی ہے، اور آئندہ بھی دیں گے۔ مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی کمزوریوں کو پہچانیں۔ ہماری طاقت صرف ہتھیاروں میں نہیں، بلکہ اتحاد، ایمان، اور عوام کی محبت میں ہے۔ جب تک یہ رشتے قائم ہیں، پاکستان زندہ ہے۔ اور جب تک پاکستان زندہ ہے، دہشت گردی کی مکروہ قوتیں خاک میں ملتی رہیں گی۔

مہمان کالم

نصرت جاوید

چھتوں پر سولر پینلز لگوانے والے 'مراعات یافتہ'

عمر کے آخری حصہ میں عرصہ ہوا داخل ہو جانے کے باوجود ہفتے کے پانچ دن صبح اٹھ کر یہ کالم لکھنا ضروری ہے۔ صرف میری کمائی سے مگر گھر کا خرچہ پورا ہو نہیں سکتا۔ اپنے ماں باپ کی بہت لاڈلی اور دو بھائیوں کی اکیلی بہن ہوتے ہوئے بھی میری بیوی نے شادی کے تین ماہ بعد سے کام شروع کر دیا۔ اس کی وجہ سے ہمارے گھر کی پہچان 'سفید پوش' ہو گئی۔ سفید پوشی برقرار رکھنے کی خاطر ہی وہ ابھی تک کام کرنے کو مجبور ہے اور اس کا کام میرے کام سے زیادہ مشکل اس وجہ سے بھی ہے کیونکہ ہفتے میں دو تین بار اسے اسلام آباد سے نکل کر دوسرے شہروں میں تحقیق کی خاطر جانا ہوتا ہے۔ ہم دونوں کو اپنے کام سے جو معاوضے ملتے ہیں ان پر واجب ٹیکس ہمیں عوضانہ ملنے سے قبل ہی کاٹ لیے جاتے ہیں۔ عمر تمام مشقت کی چکی میں پس کر سفید پوشی برقرار رکھنے کے باوجود لیکن حکومت نے مجھے 'مراعات یافتہ' طبقات میں شمار کرنا شروع کر دیا ہے۔

گنتی بھر 'مراعات یافتہ' افراد کی صف میں محض اس وجہ سے ڈالا گیا ہوں کیونکہ آج سے تقریباً تین سال قبل جب ہم میاں بیوی کی اجتماعی آمدنی کا تقریباً 30 فیصد بجلی کے بل ادا کرنے میں صرف ہونا شروع ہو گیا تو ہم نے مشکل سے بچائی رقوم خرچ کر کے اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوا لیا۔ وہ لگنے کے باوجود گزشتہ ایک برس سے ہم پریشان ہونا شروع ہو گئے کیونکہ حکومت نے دن کے اوقات میں سورج سے پیدا ہوئی بجلی 'خریدنے' کے جو دام طے کر رکھے تھے اس قیمت کا آدھا بھی نہیں تھے جو ہم نہاری 'پیک آور' یعنی شام ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کے لیے ادا کیے جاتے ہیں۔ ہماری اور حکومت کی فراہم کردہ بجلی کے نرخوں کے مابین تیزی سے بڑھتے فرق کی پریشانی کے ساتھ بے شمار عنوانات سے اضافی رقوم بھی بلوں میں شامل کی جاتی ہیں۔ ان کا بوجھ برداشت کرتے ہوئے دل کو گھر یہ سوچ کر تسلی دیتے رہے کہ اگر سولر نہ لگا ہوتا تو شاید ہم میاں بیوی کی اجتماعی کمائی کا کم از کم 40 فیصد بجلی کے بلوں کی نذر ہو جاتا۔

حکومت مگر سفید پوشوں کی صعوبات جاننے کو آمادہ نہیں۔ نہایت رعونت سے بتائے چلی جا رہی ہے کہ ہمارے معاشرے کے محض چند مراعات یافتہ 'افراد' نے اپنی چھتوں پر سولر پینل لگوا کر غریب عوام کی وسیع تر اکثریت کے لیے بجلی کی قیمت کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ غریبوں کی زندگی اجیرن بنانے کے جرم کی وجہ سے اب ہمیں 'جرمانہ' ادا کرنا ہوگا۔

سفید پوشی کا بھرم رکھنے کے لیے مان لیتا ہوں کہ میں اپنے گھر کی چھت پر سولر پینل لگوانے کی وجہ سے 'مراعات یافتہ' ہو گیا ہوں۔ اس کی وجہ سے غریب کے لیے بجلی خریدنا تقریباً ناممکن ہو گیا ہے۔ میں جو بجلی خرچ کرتا ہوں اس کی قیمت لہٰذا 'غریبوں' کی طرح ہی ادا کروں۔ 'مراعات یافتہ' افراد کی صف میں کھڑے ہونے کا جرمانہ ادا کرنے کے باوجود مجھے یہ خوف لاحق ہے کہ غریب آدمی کے لیے بجلی اتنی ہی مہنگی رہے گی جتنی اس وقت ہے۔ وجہ اس کی بنیادی اور واضح ہے۔ اسے سمجھنے کے لیے آپ کو علم معاشیات کی ڈگری درکار نہیں اور یہ وجہ ہے 'گردشی قرضہ' جو حکومت کے ذمہ واجب ہے۔ میرے اور آپ کی رائے پوچھے بغیر سرکار مائی باپ نے آج سے چند ہفتے قبل یہ فیصلہ کیا کہ وہ بجلی پیدا کرنے کے قابل نہیں۔ نجی شعبے سے درخواست کی جائے کہ وہ بجلی پیدا کرے۔ اس کی پیدا کردہ بجلی کی قیمت بھی میں نے اور آپ نے طے نہیں کی۔ یہ فیصلہ بھی غریب عوام نے نہیں کیا تھا کہ حکومت سیٹھوں کے لگائے کارخانوں سے خریدی بجلی کے یونٹوں کی ادائیگی کے بجائے انہیں زیادہ سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کو راغب کرنے کے لیے ان کے لگائے کارخانوں کی Capacity (استعداد) کے برابر ادائیگی کرے گی۔ فرض کیا ایک صنعت کار نے جو کارخانہ لگا رکھا ہے وہ مثال کے طور پر روزانہ کی بنیاد پر بجلی کے سو یونٹ پیدا کر سکتا ہے۔ حکومت مگر اس سے 50 یا 60 یونٹ ہی خرید سکتی ہے۔ بقیہ 40 یا 50 یونٹ کی کھپت ممکن نہیں۔ کھپت کے ذرائع نہ ہونے کے باوجود حکومت مگر نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والے کو سو یونٹ 'خریدنے' کی ادائیگی کر رہی ہے۔

نجی شعبے کو بجلی پیدا کرنے کی جانب راغب کرنے کے لیے سرکار مائی باپ نے جو معاہدے کیے وہ کسی بھی اعتبار سے سرمایہ دارانہ نظام سے بھی مطابقت نہیں رکھتے۔ سرمایہ داری کی بنیاد ہی طلب اور رسد کی حرکیات ہے۔ ہمارے حکمرانوں نے 'حقیقی طلب' کے مطابق کارخانے لگوانے کے بجائے خود کو 'مستقبل' کے لیے تیار کرنے کا بہانہ بنایا اور 'کل' کی تیاری کرتے ہوئے 'آج' کو مشکل سے مشکل تر بنا دیا۔ ضرورت کے مطابق بجلی خریدنے کے بجائے اسے پیدا کرنے والے کی 'استعداد' کی ادائیگی شروع کر دی اور اب بیشتر قوم ہم گردشی قرضوں کے گرداب میں پھنس چکے ہیں۔

بجلی پیدا کرنے والے سیٹھوں نے کمال مکاری سے قانونی اعتبار سے معاملہ ایسا بنایا کہ نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والے عمومی طور پر 'غیر ملکی سرمایہ کار' نظر آئے۔ ہمارے سیٹھوں کی 'غیر ملکی سرمایہ کار' کے ساتھ 'شراکت داری' نے نجی شعبے میں بجلی پیدا کرنے والوں کو حکومت کے مقابلے میں طاقتور بنا دیا۔ حکومت ان کے ساتھ جس بھی 'بس' والا رویہ اختیار کرے تو نہ صرف 'غیر ملکی سرمایہ کاری' کی حوصلہ شکنی ہوگی جبکہ معاہدوں کی خلاف ورزی کے سبب پاکستان بین الاقوامی عدالتوں میں بھی رگیدا جائے گا اور وہاں سے ویسے ہی فیصلے آئیں گے جیسے ریکوڈک کے حوالے سے آئے تھے۔ سو جوتوں کیساتھ سو پیاز کھانے والا معاملہ۔

آئی ایم ایف بھی 'غیر ملکی سرمایہ کار' کے ساتھ کھڑا ہے۔ حکومت کو صاف بتا چکا ہے کہ ملک کو دیوالیہ سے بچانا ہے تو گردشی قرضوں کی جلد از جلد ادائیگی یقینی بنانے کے لیے شہریوں کو مجبور کر کے وہ ہر صورت حکومت کی فراہم کردہ بجلی کو زیادہ سے زیادہ خرچ کریں اور اس خرچ کی وہ قیمت ادا کریں جو کسی بھی اعتبار سے معقول نہیں ہے۔ اسی باعث آئی ایم ایف کے وفد کی گزشتہ ہفتے پاکستان موجودگی کے دوران ہی مجھ جیسے سفید پوش افراد کو 'مراعات یافتہ' ٹھہرا دیا گیا ہے۔ نیشنل گرڈ کے لیے دن کے اوقات میں حکومت کے لیے نسبتاً سستے داموں بجلی پیدا کرنے والے صارف سورج ڈھلنے کے بعد خرچ ہوئی بجلی کی کم از کم دُگنا زیادہ قیمت ادا کرتے ہیں۔ ان کی مگر حوصلہ شکنی ہوئی ہے۔ ٹیکنالوجی اگرچہ بہت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ مارکیٹ میں ایسی بیٹریاں موجود ہیں جو آپ کے چھت پر لگے پینلوں سے پیدا ہوئی بجلی کو کسی نہ کسی انداز میں سورج ڈھلنے کے بعد استعمال کے قابل بنا سکتی ہیں۔ سفید پوشی سے 'مراعات یافتہ' ہوئے افراد بتدریج اس ٹیکنالوجی سے رجوع کرنے کو مجبور محسوس کریں گے۔

سفید ہاتھی

سکندر خان بلوچ

داد دینی پڑتی ہے بھارتی سفارتکاری کی۔ یہ شاید دنیا کا واحد ملک ہے جس نے موجودہ دور کی دونوں سپر پاورز کو قابو کر رکھا ہے۔ باقی دنیا کے تقریباً تمام ممالک کیساتھ بھی دوستی کی پینگیں بڑھا کر ہمدردیاں سمیٹ رہا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ کو اقتدار میں آئے ہوئے جمعہ جمعہ آٹھ دن بھی نہیں ہوئے کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی امریکہ یاترا پر پہنچ گئے اور نئے امریکی صدر کو اپنی محبت اور دوستی کے حصار میں لے لیا۔ ٹرمپ بھی نریندر مودی کی باہوں میں جا کر خوش ہو گیا۔ خوشی کے اس موقع پر ٹرمپ نے اپنی محبت اور فیاضی کے در کھول دیئے۔ ایک تو کچھ اہم وزارتیں اور اعلیٰ عہدے بھارتی امریکیوں کے حوالے کئے جو مسلسل بھارت کو فوائد پہنچائیں گے۔ دوسرے جدید امریکی ہتھیاروں کی بخشش کر کے ثواب دارین حاصل کیا۔ بھارت اس وقت پاکستان اور چین کے علاوہ تمام اہم ممالک کا ڈارلنگ بنا ہوا ہے۔ بھارت کی یہ کامیاب ڈپلومیسی ہے کہ ٹرمپ جیسا روکھا شخص بھی نریندر مودی پر دوستی کے پھول نچھاور کرنے پر مجبور ہوا۔ ا

بقیہ 1

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت عدالت نے درخواست گزار خاتون وکیل کے رویے پر برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ آپ کو عدالت کے سامنے پیش ہونے کا طریقہ کار نہیں آتا، کیا آپ اس سپریم کورٹ کی ایڈووکیٹ ہیں؟ جس پر وکیل نے جواب دیا، میں ایڈووکیٹ ہائیکورٹ اور اس کیس میں درخواست گزار ہوں۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ اتنے سینئر وکلاء پیش ہوئے ہیں، کسی نے آواز اتنی اونچی کی ہے؟ درخواست گزار وکیل نے موقف اختیار کیا کہ اقلیتوں کے حوالے سے کنٹیوژن کو 1965 کے آئین میں دور کرنے کی کوشش کی گئی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ مسیحی برادری کے بہت سے لوگ اچھی نوکریوں پر بھی ہیں، وہ سی ایس پی افسران بھی بنتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا آپ کہتی ہیں کہ کرسچن کو صرف سویپر کا عہدہ دیا جاتا ہے؟ جس پر درخواست گزار وکیل نے موقف اختیار کیا کہ اشتہارات میں ایسی نوکریاں کرسچن سے منسوب کی جاتی ہیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ اگر ایسا ہے تو کرسچن کمیونٹی کے لوگ ان نوکریوں پر اپلائی نہ کریں۔ اگر آپ نے تقریر کرنی ہے تو ہم آپ کی تقریر سن لیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسیحی برادری کے بہت سے لوگ ایم این اے، ایم پی ایز اور سینیٹرز بھی ہیں۔ جہاں میرٹ پر آئیں، وہاں بہت سے لوگ ایوان میں بھی بیٹھے ہیں۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ ہم آپ کو آپ کے حق سے محروم نہیں کر رہے، بلکہ ایک طریقہ کار بتا رہے ہیں۔"

بقیہ 2

جوابی کارروائی سے حملہ پسپا کر دیا گیا۔ ڈی پی او لکی مروت جواد اسحاق کے مطابق پولیس نے بڑے حملے کو بروقت کارروائی کے ذریعے ناکام بنا دیا اور حملہ آور بھاری ہتھیاروں کی مدد سے فرار ہو گئے۔ پشاور میں بھی پولیس چوکی ملازئی پر دہشت گردوں نے دستی بم سے حملہ کیا جبکہ خیبر پولیس چوکی ہائی پاس روڈ پر دہشت گردوں نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہو گئے۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں حملہ آور زخمی حالت میں فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، زخمی اہلکاروں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ اسی دوران جمرود ایف سی چیک پوسٹ پر بھی شدت پسندوں نے حملہ کیا، ایف سی بازو رائفلز کی جوابی فائرنگ کے بعد حملہ آور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔

بقیہ 3

حبیب کو اشتہاری قرار دے دیا۔ اے ڈی سی کے جج طاہر عباس سپرا نے پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف کیسز پر سماعت کی۔ عدالت نے پی ٹی آئی رہنما واثق قیوم عباسی اور راجہ بشارت سمیت متعدد غیر حاضر ملزمان کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیے۔ عدالت نے دستیاب ملزمان کی حاضری کے بعد دونوں کیسز پر مزید سماعت 17 اپریل تک ملتوی کر دی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف تھانہ رمنا میں 2 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 4

میں مجھے ذمہ دار ٹھہرا رہے ہیں، پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافی نے وزیر دفاع سے سوال کیا کہ اپوزیشن اراکین جعفر ایکسپریس پر حملے میں سیکورٹی لیپس کا ذمہ دار آپ کو قرار دے کر استعفے کا مطالبہ کر رہے ہیں؟۔ اس پر وزیر دفاع خواجہ آصف نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ اگر میرے استعفے سے معاملہ حل ہوتا ہے تو میں استعفیٰ دینے کیلئے حاضر ہوں۔ مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل اپوزیشن اتحاد نے جعفر ایکسپریس میں ہونے والے دہشت گردی کے افسوسناک واقعے کو بڑا سیکورٹی لیپس قرار دیتے ہوئے وزیر داخلہ، وزیر دفاع اور وزیر اطلاعات سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا تھا۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپوزیشن رہنما اسد قیصر کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم پی ٹی آئی پر الزام لگاتے رہے تھے حالانکہ جعفر ایکسپریس پر جواب دینا چاہیے تھا۔ وزیر اعظم سامنے پر بات کرنے کے بجائے لیپ ٹاپ تقسیم کرتے رہے تھے۔ اس حکومت کو ملک کا کوئی خیال نہیں، حکومت کو شرم ہوتی تو قوم سے معافی مانگ کر استعفیٰ دیتے۔ اپوزیشن اتحاد نے جعفر ایکسپریس واقعے کے بعد سیکیورٹی پر آل پارٹیز قومی کانفرنس بلانے کا اعلان بھی کیا تھا۔ اپوزیشن اتحاد کا کہنا تھا کہ ترقی یافتہ ممالک میں اس طرح کے سانحات پر متعلقہ محکمے کے سربراہ فوری مستعفی ہو جاتے تھے۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کا پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ سیکیورٹی فورسز نے اے پی ایس جیسا سانحہ ہونے سے بچا لیا تھا۔ ان کی کوششوں کا احترام کرتے تھے۔ جعفر ایکسپریس واقعے سے پاکستان کو زخم لگا تھا۔ سویلین کو ٹارگٹ کرنے کی مذمت کرتے تھے۔ کل بھی وزیر اعظم نے سب سے پہلے تنقید کا نشانہ پی ٹی آئی کو بنایا تھا۔ چند بیانات جو صحیح یا غلط ہیں، اس کا سہارا لے کر قوم کو تقسیم کر رہے تھے۔ محمود خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ ہمہ جہت کانفرنس بلا کر اجتماعی طور پر ایسا انتظام بنائیں کہ ہم بربادی سے نکل آئیں۔ الیکشن سے قبل تجویز دی کہ تمام ادارے رول آف گیم طے کیا جائے۔

بقیہ 5

امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بنچ نے مختلف مقدمات پر سماعت کی۔ سپریم کورٹ کے آئینی بنچ کے رکن جسٹس جمال مندوخیل نے گلگت بلتستان میں ججز کی تقرریوں سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ دونوں حکومتیں مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں، کیا حکومتوں کو بھی بتانا پڑے گا کیا کرنا ہے۔ عدالت نے گلگت بلتستان حکومت کی مشروط مقدمہ واپسی پر وفاقی حکومت کا موقف طلب کر لیا اور سماعت دو ہفتوں کیلئے ملتوی کرتے ہوئے جی بی حکومت سے بھی تحریری موقف طلب کر لیا۔

بقیہ 6

نہایت افسوسناک ہیں، قومی سلامتی کے اجلاس میں اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اٹھارہ ڈز میں شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ممتاز لیگی رہنما چوہدری محمد ریاض آف بھونڈری، چوہدری ساجد، شبیر بٹر، سٹی صدر نارنگ ملک محمد یوسف، چیئرمین گھڑیال کلاں چوہدری نوید احمد بھٹی اور عوام کی کثیر تعداد بھی موجود تھے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ ملک دشمن تخریب کاری کر کے مذموم مقاصد حاصل نہیں کر سکتے، فوج، سیکیورٹی ادارے دہشتگردوں کی سرکوبی جاری رکھے ہوئے ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے ان شاء اللہ دہشتگردوں کا خاتمہ کر کے رہیں گے۔ انہوں نے نارنگ منڈی میں انجمن تاجران کے صدر میاں امجد کی دعوت پر نارنگ منڈی کا دورہ بھی کیا۔ رکن قومی اسمبلی رانا احمد شفیق انور بھی ان کے ہمراہ تھے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ سابقہ حکومت کی طرح عوام کو غلط تسلیاں نہیں دے رہے، ہمارے منصوبے بولتے ہیں جو عوام کو نظر بھی آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کرنے سے بہتری آئے گی، سب کو جمہوری اقدار اپنانا ہوں گی، ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے کی سازشیں رچانے والے محب وطن نہیں، پی ٹی آئی کا اصل ایجنڈہ ملک کو معاشی طور پر بدحال کرنا ہے جس کیلئے ہر ہتھکنڈہ آزمایا جا رہا ہے، یہ سیاسی عدم استحکام میں پہلے بھی ملوث تھے اور اب بھی ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح معیشت کی بحالی ہے، عالمی ادارے بھی تسلیم کر رہے ہیں کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، حکومت مہنگائی پر بھی قابو پانے کی جدوجہد کر رہی ہے۔

بقیہ 7

پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 16 ہزار 53 پر آ گیا۔ آج اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 1 لاکھ 16 ہزار 195 پوائنٹس کی بلندی پر بھی پہنچا۔ گزشتہ کاروباری ہفتے کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ 15 ہزار 536 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 8

اجلاس بروقت فیصلہ ہے۔ اپنے بیان میں نیر بخاری نے کہا کہ پارلیمان سے اتفاق رائے پر مشتمل پالیسی اور پلان دوررس نتائج کا حامل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی ناسور خاتمے کیلئے ریاستی قومی سیاسی پارلیمانی زعماء داران کی مشاورت سے حتمی فیصلے ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی صورت حال قومی سلامتی کے جامع اقدامات کی متقاضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی اور بقاء کیلئے خطرہ سے نمٹنے کیلئے قومی اتفاق ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے دہشتگردی سدباب کیلئے نیشنل ایکشن پلان نو چیرمین بلاول بھٹو زرداری نے قابل عمل تجویز دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جامع حکمت عملی اور قومی ہم۔ آہنگی کا مظبوط بند باندھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد و اتفاق لازم ہے

بقیہ 9

والے بچوں کی کفالت کرنا بائیولوجیکل والد کی ذمے داری ہے۔ جسٹس احمد ندیم ارشد نے محمد افضل کی درخواست پر 15 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے 5 سالہ بچی کے خرچے کے دعوے سے متعلق کیس دوبارہ ٹرائل کورٹ کو ریمانڈ بیک کر دیا۔ عدالت نے ٹرائل کورٹ کو شواہد کی روشنی میں دوبارہ فیصلے کرنے کی ہدایت کر دی۔ لاہور ہائی کورٹ نے فیصلے میں کہا کہ اگر خاتون ثابت کرے کہ بچی کا بائیولوجیکل والد درخواست گزار ہے تو ٹرائل کورٹ بچی کا خرچہ مقرر کرے۔ عدالت نے تمام فریقین کو ٹرائل کورٹ کے روبرو پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ فیصلے کے مطابق انصاف اور برابری کا تقاضا یہ ہے اگر بچی کا بائیولوجیکل والد ثابت ہو جائے تو اس کے اخراجات کا پابند ہے۔ جو بچی کے پیدا ہونے کا ذمے دار ہے وہی اس کے اخراجات کا ذمے دار بھی ہے۔ بائیولوجیکل والد کی اخلاقی ذمے داری بھی ہے کہ وہ اپنے ناجائز بچے کی ذمے داری اٹھائے۔ عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ ریکارڈ کے مطابق 2020 میں درخواستگزار نے خاتون مریم سے مبینہ زیادتی کی۔ درخواستگزار کے خلاف زیادتی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ مبینہ زیادتی کے نتیجے میں خاتون نے بچی کو جنم دیا۔ خاتون نے بچی کے خرچے کے لیے بائیولوجیکل والد کے خلاف دعویٰ دائر کیا۔ فیصلے کے مطابق درخواستگزار نے ٹرائل کورٹ میں بیان دیا کہ بچی اس کی نہیں ہے، لہٰذا خرچے کا دعویٰ مسترد کیا جائے۔ ٹرائل کورٹ نے خاتون کا دعویٰ تسلیم کرتے ہوئے بچی کا 3 ہزار خرچہ مقرر کر دیا۔ درخواستگزار محمد افضل نے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا۔ عدالت نے کہا کہ یہ بچے کے خرچے کا کوئی معمولی کیس نہیں ہے۔ جائز بچے اور بائیولوجیکل بچے کی فرم میں بہت فرق ہے۔ ایک بائیولوجیکل بچہ شادی کے بغیر یا شادی کے ذریعے پیدا ہو سکتا ہے۔ جائز بچہ قانونی شادی کے نتیجے میں پیدا ہوتا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ایک جائز بچے کے خرچے کے لیے دعویٰ دائر ہو تو مسلم قوانین کے مطابق ٹرائل کورٹ کو پوری خرچہ لگانے کا اختیار ہوتا ہے۔ جب ایک خاتون بائیولوجیکل بچے کے خرچے کیلئے دعویٰ دائر کرے اور والد تسلیم کرنے سے انکار کرے کہ بچہ اس کا نہیں ہے تو پھر کہانی مختلف ہوتی ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق بائیولوجیکل بچے کی ولدیت ثابت کرنا خاتون کی ذمے داری ہے۔ اسلام میں بچے کی حیثیت جاننے کے لیے متعدد طریقہ کار موجود ہیں۔ بچے کے خرچے سے متعلق دعوے کا فیصلہ کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ بچے کی قانونی بائیولوجیکل حیثیت دیکھی جائے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ اگر بچے کی ولدیت کا معاملہ ہی شکوک و شبہات کا شکار ہے تو عدالت کو خرچے کا فیصلہ کرنے سے پہلے یہ معاملہ طے کرنا چاہیے۔ بچے کی قانونی حیثیت طے کیے بغیر خرچہ مقرر کرنا غیر شفافیت ہے۔ ٹرائل کورٹ میں دلائل کے دوران درخواستگزار کے وکیل نے عدالتی دائرہ پر اعتراض اٹھایا۔ درخواست گزار کے مطابق خاتون کو بچے کی ولدیت ثابت کرنے کے لیے متعلقہ عدالت سے سرٹیفکیٹ کی ضرورت تھی۔ عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ درخواستگزار کے مطابق وہ کسی ناجائز بچے کے پرورش کا ذمے دار نہیں ہے۔ عدالتی فیصلے میں قرآنی آیات، احادیث اور شریعت کورٹ کے فیصلوں کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ ویسٹ پاکستان فیملی ایکٹ 1964 شادی اور دیگر فیملی معاملات سے نمٹنے کے لیے بنایا گیا۔ فیصلے کے مطابق درخواست گزار کا فیملی عدالت کے دائرہ اختیار کا اعتراض درست نہیں ہے۔ سی آر پی سی کے سیکشن 488 کے تحت فیملی نوعیت کے معاملات کے لیے مجسٹریٹ کو دائرہ اختیار حاصل ہے۔ فیملی قوانین میں کہیں بھی جائز یا ناجائز بچے کا ذکر نہیں ہے۔ بنگلا دیش کے قانونی سسٹم میں ریپ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچوں کو حقوق دیے گئے ہیں۔

بقیہ 10

پاکستان میں تعینات ابوظہبی کے سفیر احمد الطہر ی نے وزارت ریلوے میں ملاقات کی۔ ملاقات میں یو اے ای کے سفیر نے وفاقی وزیر صفیہ عباسی کو نیا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ ابوظہبی کے سفیر احمد الطہر ی نے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ابوظہبی کے سفیر نے کچھی بولان میں پنیر ریلوے اسٹیشن کے قریب دہشت گردوں کا کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملہ، ٹرین کو ہائی جیک کرنے کے بعد مسافروں کو یرغمال بنانے پر بھی اظہار افسوس کیا۔ لاقات کے دوران دونوں ممالک کے تعلقات اور ریلوے پروجیکٹس کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ پاکستان اور ابوظہبی کے درمیان تمام شعبوں میں تعلقات میں مزید بہتری پیدا ہو رہی ہے۔ ابوظہبی کے سفیر احمد الطہر ی نے کہا پاکستان اور ابوظہبی کی دوستی لازاول ہے۔ ابوظہبی اور پاکستان کے درمیان اخوت اور محبت کے رشتہ بہت مضبوط ہیں، ابوظہبی کے سفیر۔ پاکستان ریلویز مستقل طور پر ملکی اور بین الاقوامی سپلائرز کے ساتھ طویل مدتی معاہدوں کے ذریعے اپنے کنسٹرکٹر کو بہتر بنانے میں کوشاں ہے۔ وزیر ریلوے۔ پاکستان کے کاروبار کے لئے دوست ماحول ہے۔ جس ایران سرمایہ کاروں کو فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے۔ پاکستان اور ابوظہبی کے ساتھ تجارتی تعلقات کو بہتر بنانے خواہاں ہے۔ محمد حنیف عباسی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے دوطرفہ معاملات کے امور اور ریلوے کے حوالے سے بھی زیر بحث آئے۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعاون جاری رکھنے اور اسے وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ 11

اور وفاق کی علامت ہیں۔ بلوچستان کے معاملے پر صدر مملکت آصف زرداری کو آل پارٹیز کانفرنس بلانی چاہیے اور اس میں ہائی پی ٹی آئی عمران خان، نواز شریف اور مولانا فضل الرحمان کو مدعو کرنا چاہیے تاکہ یہ فیصلہ ہو کہ بلوچستان کے کون سے زعماء سے بات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بارے میں یہ کہنا کہ وہاں وسائل نہیں ہیں، درست نہیں، بلوچستان کا رقبہ فیصل آباد ڈویژن جتنا ہے لیکن وہاں لوکل گورنمنٹ کا نظام نہیں اور صوبے کو کوئٹہ سے کنٹرول نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے انتظامی طور پر بلوچستان کو تقسیم کرنے کی تجویز دی اور کہا کہ اگر وسائل کو ضلع کی سطح پر منتقل نہ کیا گیا تو مسائل حل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے 18 ویں ترمیم کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس نے پاکستان کا بیڑا غرق کیا اور وزیر اعلیٰ کو وزیر اعظم سے زیادہ طاقتور بنا دیا، جس سے انتظامی مسائل بڑھے ہیں۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان کی اکوڑہ خٹک میں سخت تقریر کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ صدر مملکت پولو میچ دیکھنا چھوڑ کر اے پی سی بلائیں۔ نواز شریف کے بارے میں فواد چوہدری نے کہا کہ وہ سب سے سینئر سیاستدان ہیں اور انہیں آگے آ کر قیادت کرنی چاہیے لیکن نواز شریف مرضی سے آتے ہیں اور لاہور کی کینال ہیریٹیج کے چیئرمین بن گئے ہیں جو مریم نواز کا کام ہے۔ انہوں نے سیاسی درجہ حرارت کم کرنے اور بانی پی ٹی آئی کو اے پی سی میں بلانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ان کے بغیر پاکستان میں سیاسی حل ممکن نہیں۔

بقیہ 12

کی خدمت کو اپنا نصب العین بنایا ہے، 2019 میں مسلم لیگ ن کی قیادت کے سیاسی اور معاشی چیلنجز کے باوجود قومی ترقی اور استحکام کے عمل کو جاری رکھا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان کی مدبرانہ قیادت میں پاکستان نا صرف ڈیفالٹ کے سنگین خطرے سے محفوظ رہا بلکہ معیشت بحالی کی راہ پر چل پڑی۔ رانا مشہود نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر تاریخی لحاظ سے بلند ترین سطح پر ہیں، جو قومی معیشت میں نا صرف مضبوطی کی علامت ہے بلکہ ملک کے روشن مستقبل کی نوید بھی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سال 15 لاکھ نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنا ہمارا ہدف ہے۔ اس کے علاوہ مزید 8 سے 10 لاکھ نئی ملازمتوں کے مواقع بھی پیدا کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 13

میں ایک بار پھر دہشت گردی کا واقعہ ہوا، ایک مہینے سے کہہ رہا ہوں واقعات میں بھارتی دہشت گردوں کا ہاتھ ہے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ دہشتگردی کے ذریعے نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلا جا رہا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ بلوچستان میں غیر ملکی طاقتیں سرگرم ہیں، یہ ان کی آخری کوشش ہے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ جنہوں نے اس ملک کو بنایا ہے انکی اولادوں سے چلایا جائیگا تو چلے گا، جو لوگ خودکش حملوں کے ذریعے مسلمانوں کو شہید کر رہے ہیں وہ کس قسم کے لوگ ہوں گے، بلوچستان میں غیر ملکی طاقتیں سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر سندھ نے آنے والے گورنر کے لیے گورنر ہاؤس مشکل بنا دیا ہے۔

بقیہ 14

ہے، صوبے کو معاشی طور پر کمزور کرنا دہشتگردی کو فروغ دینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خیبر پختون خوا پولیس بہادری سے دہشتگردوں کا مقابلہ کر رہی ہے، گزشتہ 3 دنوں میں پولیس نے دہشتگردوں کے متعدد حملے ناکام بنا دیے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ بنوں اور کلی مروت میں عوام نے پولیس کے شانہ بشانہ دہشتگرد حملوں کو پسپا کیا ہے، خیبر پختون خوا حکومت پولیس اور عوام کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ عوام اور پولیس دہشتگردی کے خلاف جنگ میں متحد ہیں، عوام کے تعاون کے بغیر شر پسند عناصر کا خاتمہ ممکن نہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ این ایف سی ایوارڈ میں اس کے مطابق حصہ نہیں دیا جا رہا، بجلی کے خالص منافع کے 2 ہزار ارب روپے کے بقایاجات بھی انہیں دیے جا رہے۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے یہ بھی کہا کہ فاٹا انضمام کے بعد خیبر پختون خوا کی آبادی میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 15

فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردوں کا قلع قمع کرنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے اور ان کا ہر جگہ پیچھا کیا جائے گا۔ ملاقات کے لئے آنے والے کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ پاکستان جب بھی ترقی کرنے لگتا ہے، دہشتگردی کا نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے، اس کے پیچھے کون سے ہاتھ کارفرما ہیں ساری دنیا اس سے اچھی طرح آگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں جب پوری قوم کو مضبوط اتحاد اور یکجہتی کی ضرورت ہے بدقسمتی سے ایک سیاسی جماعت اس کے برعکس سرگرمیاں کرتی ہے، ایک طرف دہشتگرد ہتھیاروں سے حملہ آور ہیں اور دوسری طرف سوشل میڈیا پر بھی دہشتگردی ہو رہی ہے جو قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوان دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہر روز اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ملک ایک دن امن کا گہوارہ بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ پاکستان نہ صرف خطے بلکہ دنیا میں معاشی طاقت بنے گا اور پاکستان کے بدخواہ ناکام اور نامراد رہیں گے۔

بقیہ 16

کے بجائے صوبے کے مسائل پر توجہ دیں، خیبر پختون خوا جل رہا ہے۔ محمود خان نے کہا کہ امن و امان قائم رکھنے کیلئے فوری اقدامات کریں، خیبر پختونخوا میں گورنس پر توجہ دی جائے۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرینز کا مزید کہنا تھا کہ عوام نے آپ کو نہیں بلکہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو ووٹ دیا ہے۔

بقیہ 17

بروز منگل دوپہر ڈیڑھ بجے طلب کیا ہے، اجلاس قومی اسمبلی ہال میں منعقد کیا جائے گا جس میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز اور نامزد نمائندگان شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم آفس سے جاری بیان میں کہا گیا کہ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس ان کیمرہ منعقد ہوگا جس میں متعلقہ اداروں کی جانب سے ملک کی مجموعی سیکیورٹی صورت حال پر بریفنگ دی جائے گی۔ اجلاس میں متعلقہ وفاقی وزراء بھی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ ان کیمرہ اجلاس میں ملکی سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی جائے گی۔ عسکری قیادت پارلیمانی کمیٹی کو موجودہ سیکیورٹی صورتحال سے آگاہ کرے گی۔ ان کیمرہ اجلاس میں پارلیمان میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈر اور ان کے نامزد نمائندگان شرکت کریں گے اور اس کے ساتھ ہی متعلقہ اراکین کابینہ بھی اس اجلاس میں شرکت کریں گے۔ ان کیمرہ اجلاس میں قومی سلامتی کے موجودہ حالات پر مکمل بریفنگ دی جائے گی اور تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے ان دہشتگردوں کیخلاف کارروائی کیلئے متفقہ پالیسی بنائی جائے گی۔ اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے نیشنل ایکشن پلان نو بنانے کی تجویز کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پارلیمانی کمیٹی میں آئندہ کی حکمت عملی بھی منظور کی جائے گی اور پارلیمنٹ کے فیصلے کی روشنی میں دہشت گردوں کیخلاف آپریشنز میں تیزی کیلئے فیصلے ہونگے جبکہ قومی ایکشن پلان پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ اجلاس میں ملک میں حالیہ بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی لہر کی صورتحال پر بھی جائزہ لیا جائیگا اور متفقہ پالیسی بنانے کیلئے تمام جماعتوں سے تفصیلی مشاورت کی جائیگی۔

بقیہ 18

ڈاکٹر ڈاکر نائیک نے جاتی امراء میں سابق وزیر اعظم نواز شریف سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک نے رمضان کے دوسرے عشرے کی فضیلت بیان کی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے موجودہ حالات میں امت کی بہتری کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی غور کیا۔ سابق وزیر اعظم نواز شریف نے ڈاکٹر ذاکر نائیک کی عالمی سطح پر دینی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ اسلام کی تبلیغ اور تفہیم میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک مختصر قیام کے بعد جاتی امراء سے واپس روانہ ہو گئے۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اکتوبر میں بھی نواز شریف سے ڈاکٹر ذاکر نائیک نے ملاقات کی تھی۔ اس مرتبہ ڈاکٹر ذاکر نائیک حکومتِ پاکستان کی دعوت پر پاکستان کے دورے پر تھے۔

بقیہ 19

مار کارروائی میں بنی گالا اسلام آباد سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم نے جعفر ایکسپریس سانحے کے دوران اداروں کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور تضحیک آمیز مواد شیئر کیا جبکہ ملزم سوشل میڈیا پر کالعدم دہشت گرد تنظیموں کی حمایت اور اس کی تشہیر کرنے میں بھی ملوث پایا گیا۔ ملزم نہ صرف ریاستی اداروں کے خلاف زہر آلود مہم چلا رہا تھا بلکہ دہشت گردوں کے حق میں اشتعال انگیز بیانات اور مواد بھی شیئر کرتا رہا۔ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ ملزم کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل شواہد قبضے میں لے کر تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے، ملزم کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 20

ضمانت میں 5 مئی تک توسیع کر دی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے دونوں مقدمات میں حاضری سے استثنیٰ اور کیسز میں شامل تفتیش کرنے کے حوالے سے درخواستیں دائر کی گئیں جن پر عدالت نے سماعت 5 مئی تک ملتوی کر دی۔ سماعت کے دوران بشریٰ بی بی کے وکیل انصر کیانی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ بشریٰ بی بی کے خلاف تھانہ کھنداور کوہسار میں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 21

بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رمضان المبارک ہمدردی اور غمخواری کا مہینہ ہے، اہل ثروت صدقات زکوٰۃ اور صدقہ فطر سے یتیموں، غرباء، نادار اور مفلس لوگوں کی ضرورتوں کو پورا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیروزگاری اور مہنگائی کی باعث بہت سے گھروں کے چولہے بجھ گئے ہیں، آدھا رمضان گزرنے کے باوجود حکومت نے غریبوں کو کوئی ریلیف راشن نہیں دیا، اس مہینے میں عبادات کے ساتھ ساتھ حقوق العباد پورے کرنے پر بھی زور دیا گیا ہے اس مبارک مہینے میں غریبوں اور عام عوام کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں۔

بقیہ 22

سے شام 6 بجے تک تمام راستے بند رہیں گے، زائی تا نیو کیڈٹ کالج وانا سڑک بند رہے گی، تتائی، سروائی، جنڈولہ کا ور قلعہ روڈ بند رہے گا، احمد وام سے کوٹکی تک راستے بند رہیں گے۔ جاری ٹوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ پی پی رغزئی سے جنڈولہ تک سڑک بند رہے گی، ان راستوں پر ہر قسم کی نقل و حرکت پر مکمل پابندی عائد ہے، مسافروں کو متبادل راستے اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ وانا گول زام روڈ مسافروں کیلئے کھلا رہے گا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ٹانک میں بھی کرفیو نافذ ہوگا، جنڈولہ ٹانک وانا جنوبی وزیرستان شاہراہ بند رہے گی۔

بقیہ 23

سے لیے پیسوں میں اضافہ نہیں ہوگا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ سولر میٹرنگ سے متعلق نئی پالیسی بھی اچھی ہے، پالیسی نہ لاتے تو عام صارف 3 ہزار ارب سے زیادہ اضافی قیمت ادا کر رہا ہوتا، اگلے 8 سال میں صارف کو 3 ہزار ارب کم دینا ہوں گے، نئی پالیسی کے باوجود انڈسٹری کا ڈیڑھ سال میں سولر کا خرچہ پورا ہو جائے گا۔

بقیہ 24

مقدمات میں ایکشن لیا ہے، بحریہ ٹاؤن کے سیکڑوں اکاؤنٹس منجمد کرتے ہوئے درجنوں گاڑیاں بھی ضبط کر لی گئی ہیں۔ نیب حکام کے مطابق مخصوص عناصر ملک ریاض کے دبئی پروجیکٹ میں رقوم منتقل کر رہے ہیں، ملک ریاض کو بیرون ملک سے واپس لانے کے لیے بھرپور کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ نیب کے اعلامیہ کے مطابق اتھارٹی نے بطور قومی احتساب ادارہ اپنے مینڈیٹ میں اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے ایک بار پھر عوام کو آگاہ کیا ہے کہ بحریہ ٹاؤن کے مالک ملک ریاض احمد اور دیگر کے خلاف دھوکا دہی کے متعدد مقدمات اس وقت زیر تفتیش ہیں۔ مزید برآں نیب نے ان ملزمان کے خلاف اسلام آباد اور کراچی کی احتساب عدالتوں میں متعدد ریفرنسز دائر کیے ہیں اور ان عدالتوں نے تمام ملزمان کو طلب کیا ہے۔ ان مقدمات میں ملک ریاض احمد اور ان کے ساتھیوں کے خلاف کراچی، تخت پڑی راولپنڈی اور تیمر مری میں بحریہ ٹاؤن کے نام پر نہ صرف سرکاری بلک

City News — سٹی نیوز

جنوبی افریقہ کی قائم مقام سیکرٹری دفاع ڈاکٹر تھولیکیلے گامیدی کی سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات

جنوبی افریقہ کے قائم مقام سیکرٹری دفاع کی ایئر چیف سے ملاقات

ملاقات میں ہوابازی کی صنعت میں تعاون کے نئے امکانات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ) جنوبی افریقہ کی قائم مقام سیکرٹری دفاع ڈاکٹر تھولیکیلے گامیدی کی وفاقی وفد کے ہمراہ سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات ۔ یہ ملاقات دونوں ممالک کے مابین فوجی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوئی جس میں مشترکہ مفادات کے شعبوں پر توجہ مرکوز کی گئی اور ہوابازی کی صنعت میں تعاون کے نئے امکانات کا جائزہ بھی لیا گیا۔ ملاقات کے دوران، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاک فضائیہ کے جدت طرازی کے منصوبوں، آپریشنل ڈھانچے اور مستقبل کی جنگی حکمت عملی پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ انہوں نے نیشنل ایروسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کے اہم کردار کو اجاگر کیا جو خود انحصاری کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ دفاعی میدان میں معاونت فراہم کر رہا ہے۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاک فضائیہ کی جانب سے جنوبی افریقہ ایئر فورس کے ساتھ فوجی سطح پر تعاون اور تربیت کے میدان میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کا اعادہ کیا۔ ڈاکٹر تھولیکیلے گامیدی نے پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور کامیابیوں کو سراہا اور تکنیکی میدان میں پاکستان ایئر فورس کی کامیابیوں کو تسلیم کیا۔ انہوں نے جنوبی افریقہ ایئر فورس کی جدت طرازی کے لئے پاک فضائیہ سے مدد کی خواہش کا اظہار کیا اور اہم دفاعی ساز و سامان کی دیکھ بھال کے حوالے سے بھی تعاون کی درخواست کی۔ جنوبی افریقی وفد نے دونوں ممالک کی ایئر فورسز کے مابین موجودہ تعاون کو مزید مضبوط کرنے کی خواہش ظاہر کی، جن میں بنیادی سے لے کر تکنیکی سطح تک کے تربیتی پروگرام شامل ہیں۔ جنوبی افریقہ کی قائم مقام سیکرٹری دفاع نے حالیہ مشق انڈس شیلڈ کے دوران پاک فضائیہ کی ملٹی ڈومین صلاحیتوں کو سراہا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس مشق کی کامیاب تکمیل پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور مختلف آپریشنل ڈومینز میں اس کی ہمہ جہت صلاحیتوں کی عکاسی کرتی ہے۔

بورڈ راولپنڈی کا میٹرک فرسٹ اینول کے سلسلہ میں مختلف مراکز کا دورہ

سیکیورٹی، روشنی اور امیدواروں کے بیٹھنے کے لیے انتظامات کا جائزہ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی محمد عدنان خان نے امتحان میٹرک فرسٹ سالانہ 2025 کے سلسلہ میں گورنمنٹ گورڈن کالج، گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول نمبر 4 لیاقت روڈ، گورنمنٹ اسلامیہ ہائر سیکنڈری سکول نمبر 1 مری روڈ، گورنمنٹ وقار النساء گرلز کالج سیٹر اے پی راولپنڈی کا دورہ کیا۔ دورہ کے دوران انہوں نے مختلف سنٹرز میں روشنی کے انتظامات اور امیدواران کے بیٹھنے کا پلان چیک کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق امتحان شفاف انداز میں منعقد ہو رہا ہے تمام امتحانی مراکز کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے، تمام امتحانی مراکز میں دفعہ 144 کا نفاذ ہے کسی غیر متعلقہ شخص کو امتحانی مراکز میں داخلے کی اجازت نہ ہے تمام ضلع انتظامیہ کے افسران بورڈ کے ساتھ مل کر مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کر رہے ہیں۔ کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر عوان نے امتحان میٹرک فرسٹ اینول 2025 کے سلسلہ میں مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ دورہ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امتحانی مرکز گورنمنٹ بوائز ہائی سکول نمبر 2 کالا گجراں جہلم (مشترکہ) کی نگران شبانہ کوثر کو امتحانی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر فوری طور پر برطرف کر دیا۔

وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے سابق وزیر ریلوے شاہد اشرف تارڑ ملاقات کر رہے ہیں

پارک روڈ سہولت کے ساتھ حادثات کا بھی باعث بن گئی۔ سرفراز مغل

ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیلئے پولیس تعینات کر کے حادثات کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ) تاجر رہنما سرفراز مغل نے حکومت کے ترقیاتی منصوبوں میں پارک روڈ کی تعمیر و توسیع سے علاقہ کی اہمیت اور قیمت میں اضافہ ہوا ہے اور عوام کو بہت بڑی سہولت میسر ہوئی ایکسٹرک بسوں کا تحفہ بے مثال ہے لیکن عوام کی ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی، تیز رفتاری، ون وے، غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ وغیرہ کی وجہ سے روزانہ کی بنیاد پر کئی حادثات ہو رہے ہیں جیسے آج پاک ترک معارف اسکول اینڈ کالج کا اے لیول کا طالب علم امتحان دینے جا رہا تھا کسی گاڑی نے ہٹ کیا اور وہ نوجوان ہسپتال جاتے دم توڑ گیا اللہ تعالیٰ اس کے والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے سرفراز مغل نے آئی جی پولیس اسلام آباد علی ناصر رضوی، ڈی آئی جی پولیس جواد طارق اور ایس ایس پی ٹریفک پولیس کیپٹن ر ذیشان حیدر سے درد مندانہ اپیل کی ہے کہ پارک روڈ عوام کی سہولت کیلئے حکومت کا بہت بڑا منصوبہ ہے لیکن ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر اپنی اور دوسروں کی زندگیوں کو داؤ پر لگاتے ہیں اور جانی نقصان ہوتا ہے پارک روڈ پر ٹریفک پولیس سخت ترین اقدامات کرے، ون وے، تیز رفتاری، موٹر سائیکل روڈ کے درمیان چلانے والے، بغیر ہیلمٹ، بغیر نمبر پلیٹ، ون ویلنگ، کالے شیشے، لال اشارہ کراس کرنے والے عناصر کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے اور گاڑی موٹر سائیکل ٹریفک خلاف ورزی پر بند کیا جائے۔ تاکہ جانی نقصان نہ ہو۔

اساتذہ وطلباء کیلئے موبائل فون کے استعمال کرنے پر پابندی عائد

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبے بھر کے کالجز میں اساتذہ، طلباء و طالبات کیلئے موبائل فون کے استعمال پر پابندی عائد کر دی گئی، محکمہ ہائیر ایجوکیشن پنجاب نے صوبے بھر کے کالجز کو مراسلہ ارسال کر دیا، محکمہ ہائیر ایجوکیشن نے تمام کالجز کو اس پر عملدرآمد کروانے کا حکم دیدیا، ہائیر ایجوکیشن کی طرف سے جاری کردہ مراسلے کے مطابق طلبا اور اساتذہ کو فوری موبائل استعمال سے روکا جائے۔ فیصلے پر عملدرآمد نہ ہوا تو کارروائی کی جائے گی۔ اساتذہ کا موبائل استعمال کرنا کلاس روم کا ماحول خراب کر رہا ہے۔

منشیات سپلائر سید عالم کو 9 سال قید، 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس کی موثر پلیڈنگ کے باعث منشیات سپلائر سید عالم کو 9 سال قید اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم سید عالم کو 9 سال قید اور 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد ہونے پر نصیر آباد پولیس نے ستمبر 2023 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی ولیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات سپلائرز کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔

تیسرے روز 100 مستحق خاندانوں کی فری شاپنگ

لاہور (نیوز رپورٹر) منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن لاہور کے زیر اہتمام منعقدہ عید فیملی فیسٹیول کے تیسرے روز مرکزی سیکرٹری اطلاعات و نائب ناظم اعلیٰ میڈیا نور اللہ صدیقی نے خصوصی دعوت پر فیملی فیسٹیول کا دورہ کیا اور مختلف سٹالز پر گئے۔ فیملی فیسٹیول کے تیسرے روز 100 مستحق خاندانوں نے فری شاپنگ کی، فیملی فیسٹیول میں پہنچنے پر نائب ناظم اعلیٰ میڈیا افیئرز کو کیپٹن (ر) عبدالمجید، قاسم سرور، ممتاز گیلانی، احمد صادق نے خوش آمدید کہا اور فیسٹیول کے حوالے سے بریفنگ دی۔

الحمراء اور ایشین کلچرل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام وجد کی رات آج منعقد ہوگی

نامور قوال، طاہر مہدی، محبوب فرید اکرم خان فریدی، معروف گلوکار انور رفیع و دیگر پرفارم کرینگے

لاہور (نمائندہ) لاہور آرٹس کونسل الحمراء اور ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیر اہتمام رمضان المبارک کے سلسلے میں وجد کی رات (صوفی رنگ) آج 18 مارچ بروز منگل 8 بجے شب الحمراء ہال 2، شاہراہ قائد اعظم لاہور میں منعقد کی جا رہی ہے۔ جس میں نامور قوال، طاہر مہدی، محبوب فرید اکرم خان فریدی، معروف گلوکار انور رفیع، عباس جٹ، ناصر بیراج، گلوکارہ اقصیٰ نور، عینی طاہرہ، گلوکارہ شبانہ عباس، محمد فیاض درسائل پرفارمنس گروپ، ظفر شیری ڈھول گروپ نعت خواں قوالی، نعت، حمد، منقبت، ڈھول پرفارمنس، صوفی پرفارمنس پیش کی جائے گی۔ تقریب کے کمپیئر شکیل زاہد ہیں۔ تقریب کو سینئر ترین ایونٹ آرگنائزر پرسید سہیل بخاری سیکرٹری جنرل ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان آرگنائز کر رہے ہیں۔ واضح رہے لاہور آرٹس کونسل الحمراء اور ایشین کلچرل ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیر اہتمام وجد کی رات کا انعقاد آج کیا جائیگا۔

راولپنڈی: سی پی او نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا

اسلام آباد: کمالوی ہاؤس چھوٹہ بختاور اسلام آباد میں شایان شان روحانی محفل کا اہتمام

کمالوی ہاؤس چھوٹہ بختاور اسلام آباد میں شایانِ شان روحانی محفل کا اہتمام

معروف عالم دین خطیب العصر علامہ اختر عباس اور تمام مکاتب فکر کے لوگوں کی خصوصی شرکت

اسلام آباد (ملک سہیل انجم) علامہ جاوید حسین کمالوی کی رہائش گاہ کمالوی ہاؤس چھوٹہ بختاور اسلام آباد میں شایان شان روحانی محفل کا اہتمام کیا گیا جس میں دستر خوان امام حسن علیہ السلام اور افطاری کا وسیع انتظام کیا گیا تمام مکاتب فکر کی معزز شخصیات اور اہل علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی معروف عالم دین خطیب العصر علامہ اختر عباس نے اس جشن کے موقع پر خصوصی خطاب میں رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کی فضیلت بیان کرتے ہوئے کہا کہ جیسے رجب المرجب امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا مہینہ کہلاتا ہے اسی طرح شعبان المعظم نبی اکرم ﷺ کا مہینہ اور رمضان المبارک اللہ ﷻ رب العزت کا مہینہ ہے کیا خوبصورت ترتیب مرتب کی گئی رب العالمین کی طرف سے علامہ اختر عباس نے سیرت النبی ﷺ پنجتن پاک اور خصوصاً شان امام عالی مقام امام حسن علیہ السلام بیان کرتے ہوئے سماں باندھ دیا شاعر اہلبیت ذاکر اختر اعباس جوئیہ نے افطار کے بعد اپنا نیا کلام سنایا اور حاضرین مجلس سے بھرپور داد سمیٹی علامہ جاوید حسین کمالوی نے سیرت اہلبیت علیہ السلام بیان کرتے ہوئے کہا کہ امام حسن علیہ السلام وہ عظیم ہستی ہیں جن کو امام حسین علیہ السلام کے بھی امام ہونے کا شرف حاصل ہے

فروری، بجلی کی پیداوار میں 15 فیصد کمی

لاہور (نیوز رپورٹر) فروری 2025 میں پاکستان میں بجلی کی پیداوار 945,6 گیگاواٹ رہی جو گزشتہ ماہ کے مقابلے میں 15 فیصد کم ہے جس سے معاشی سرگرمیوں میں کمی کا اشارہ ملتا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق سالانہ بنیادوں پر بجلی کی پیداوار میں گزشتہ سال کے اسی مہینے کے 7130 گیگاواٹ کے مقابلے میں 3 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ مالی سال 25 کے پہلے آٹھ ماہ (جولائی تا فروری) میں بجلی کی پیداوار سالانہ 3 فیصد کم ہو کر 739,81 گیگاواٹ رہ گئی۔

14 سال قبل دوہرا قتل کرنے والا اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ گوجر خان پولیس نے 14 سال بعد دوہرے قتل میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دوہرے قتل میں سال 2011 سے مطلوب اشتہاری مجرم ارشد کو گرفتار کر لیا۔ اشتہاری ارشد نے ساجد رنجش پر ساتھیوں کے ساتھ مل کر فائرنگ سے خاتون سمیت 2 افراد کو قتل اور 6 افراد کو زخمی کیا تھا، اشتہاری بیرون ملک فرار ہو گیا تھا، اشتہاری کے 16 ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، قتل جیسے سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

مضر صحت گوشت کی فروخت کرنیوالے 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس اور محکمہ فوڈ اتھارٹی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت گوشت کی فروخت کرنے والی 3 ملزمان گرفتار کر لیا، ملزمان سے بھاری مقدار میں مضر صحت گوشت برآمد ہوا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس اور محکمہ فوڈ اتھارٹی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت گوشت کی فروخت کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں مقدس علی، شرافت اور دانیال شامل ہیں، ملزمان سے بھاری مقدار میں مضر صحت گوشت برآمد ہوا، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے مشترکہ طور پر شجرکاری مہم شروع

یقین دلایا کہ پولیس لائنز میں لگائے گئے پودوں کی مناسب دیکھ بھال کی جائے گی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی اور پولیس لائنز انتظامیہ نے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے مشترکہ طور پر شجرکاری مہم شروع کی ہے۔ ای پی اے راولپنڈی نے پولیس لائنز کو تین ہزار پودے فراہم کیے تاکہ پولیس احاطے میں بڑے پیمانے پر شجرکاری کا آغاز کیا جا سکے۔ تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات، ایس پی سکیورٹی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر مری نے شرکت کی۔ عہدیداران نے ماحولیاتی چیلنجوں سے نمٹنے اور ایک سرسبز مستقبل کو فروغ دینے میں ایسی مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات نے کہا کہ یہ شجرکاری مہم ماحولیاتی ذمہ داری کے لیے ہماری وابستگی کا ثبوت ہے۔ پولیس لائنز کے ساتھ شراکت داری کر کے ہم نہ صرف شہر کے درختوں کی تعداد میں اضافہ کر رہے ہیں بلکہ ماحولیاتی تحفظ کی اہمیت کے بارے میں آگاہی بھی بڑھا رہے ہیں۔ ایس پی سکیورٹی نے ای پی اے راولپنڈی کی حمایت پر شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ پولیس لائنز میں لگائے گئے پودوں کی مناسب دیکھ بھال کی جائے گی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر مری نے ایسے اقدامات کے وسیع تر اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ لگایا گیا۔

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا گیا

امن وامان کا قیام اور جرائم کی روک تھام کے لیے راولپنڈی پولیس ہمہ وقت مصروف عمل ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے، سی پی او نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے، سی پی او نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا، سی پی او نے ایس ایچ او نصیر آباد انسپکٹر سکندر نواز، سب انسپکٹر واجد محمود، سب انسپکٹر عبدالرحمٰن، اسسٹنٹ سب انسپکٹر لیاقت علی، اسسٹنٹ سب انسپکٹر وقار علی، اسسٹنٹ سب انسپکٹر عزت عباس کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا، سی پی او نے کانسٹیبل خالد خان، کانسٹیبل قاسم علی، کانسٹیبل قاسم عباس، کانسٹیبل جاوید اقبال، کانسٹیبل محمد وسیم، کانسٹیبل محمد وقاص، کانسٹیبل عادل تاج، کانسٹیبل شعیب اور کانسٹیبل سید کو تعریفی سرٹیفکیٹس سے نوازا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

سکول میں داخلے کے وقت تمام بچوں کے لیے آنکھوں کے لازمی معائنے کا مطالبہ

بینائی کے بڑھتے ہوئے مسائل سے نمٹنے کے لیے اس مسئلے پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) انشفا ٹرسٹ نے اسکول میں داخلے کے وقت تمام بچوں کے لیے آنکھوں کے لازمی معائنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے صورتحال بہتر ہو جائے گی جبکہ ہر بچے کو ایک کامیاب انسان بنانے میں مدد ملے گی۔ بروقت معائنے سے بچوں کو بروقت آنکھوں کی بیماریوں سے بچایا جا سکے گا جبکہ تاخیر کی صورت میں علاج مشکل اور مہنگا ہو جاتا ہے جبکہ بصارت ضائع بھی ہو سکتی ہے۔ انشفا سینٹر فار کمیونٹی آپتھلمولوجی کے جنرل منیجر ڈاکٹر نجم نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بینائی کے بڑھتے ہوئے مسائل سے نمٹنے کے لیے اس مسئلے پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ سکول جانے والے کم از کم 50 سے 60 فیصد بچے بینائی کے مختلف مسائل کا شکار ہیں تاہم بروقت علاج سے انہیں بچایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیداری کی کمی، مالی مجبوریوں اور آنکھوں کی دیکھ بھال تک محدود رسائی کی وجہ سے بہت سے بچے تشخیص اور علاج سے محروم رہتے ہیں جبکہ بروقت علاج سے ان کی توجہ اور سیکھنے کی صلاحیت میں بہتری آتی ہے جس سے ان کی ترقی کے امکانات میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا بہت سی تنظیمیں فعال طور پر بچوں کو آنکھوں کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کر رہی ہیں مگر آبادی بڑھنے سے مسئلہ کی شدت میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور بنگلہ دیش کے وزارت لیبر اینڈ ایمپلائمنٹ کے مشیر بریگیڈیئر جنرل (ر) ڈاکٹر محمد ستاوت حسین ملاقات کر رہے ہیں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے پی ایچ ڈی/ ایم فل پروگرامز کے داخلے مکمل

کامیاب امیدواروں کو 1 2 مارچ تک فیس جمع کرانے کا نوٹس جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے سمسٹر بہار 2025ء کے ایم ایس/ ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز کے داخلہ ٹیسٹ اور انٹرویوز مکمل کر کے میرٹ لسٹیں جاری کر دی ہیں۔ کامیاب امیدواروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ 21 مارچ تک اپنی فیس جمع کرا کر داخلہ یقینی بنائیں۔ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر میرٹ لسٹیں دستیاب ہیں جہاں ٹیسٹ/ انٹرویو دینے والے طلبہ اپنے نام کی تصدیق کر سکتے ہیں، تمام کامیاب طلبہ کو پہلے سمسٹر کی فیس جمع کرانے کا نوٹس بذریعہ موبائل ایس ایم ایس اور ای میل ارسال کر دیا گیا ہے۔ ایم ایس/ ایم فل پروگرامز کے داخلوں کے لئے مجموعی طور پر 276 طلبہ نے کامیابی حاصل کی جن میں فیکلٹی آف ایجوکیشن کے 89 طلبہ، فیکلٹی آف سائنسز اینڈ ہومینٹیز کے 123 طلبہ، فیکلٹی آف سائنسز کے 51 طلبہ، فیکلٹی آف عربی و علوم اسلامیہ کے 14 طلبہ، پی ایچ ڈی پروگرامز کے داخلوں کے لئے مجموعی طور پر 61 طلبہ کامیاب قرار پائے جن میں فیکلٹی آف ایجوکیشن کے 35 طلبہ، فیکلٹی آف سائنسز اینڈ ہومینٹیز کے 5 طلبہ، فیکلٹی آف سائنس کے 9 طلبہ، فیکلٹی آف عربی و علوم اسلامیہ کے 12 طلبہ شامل ہیں۔

راولپنڈی: منشیات فروشی میں ملوث ملزم پولیس کی حراست میں

سرمایہ کاری سہولت کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کا تیرھواں اجلاس

مواصلاتی خلا کو پر کر کے ملک میں اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی ایگزیکٹو کمیٹی کا تیرھواں اجلاس اسلام آباد میں 17 مارچ 2025 کو منعقد ہوا، جس میں مختلف شعبوں میں جاری منصوبوں اور پالیسی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات نے کی، جبکہ متعلقہ وفاقی وزراء، میجنٹل کوآرڈینیٹر ایس آئی ایف سی، وفاقی و صوبائی سیکرٹریز اور اعلیٰ حکومتی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزارتوں نے مختلف منصوبوں اور پالیسی سطح کے اقدامات پر پیش رفت رپورٹ پیش کی، جو ایس آئی ایف سی کے پلیٹ فارم کے ذریعے آگے بڑھائے جا رہے ہیں، اور متعلقہ امور کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے کے لیے جامع منصوبے پیش کیے۔ کمیٹی نے اہم شعبوں، بشمول کنیکٹیویٹی و انفراسٹرکچر، تیل و گیس، اور بندرگاہوں و بحری امور سے متعلق اہم پالیسی معاملات پر تبادلہ خیال کیا اور متفقہ فیصلے کیے۔ کمیٹی نے بلوچستان، پنجاب اور سندھ میں موٹروے اور شاہراہوں کے جاری منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور خصوصی طور پر بندرگاہوں سے منسلک سڑکوں کی تیز رفتار تکمیل کے لیے ہدایات جاری کیں۔ ان منصوبوں میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو پبلک۔ پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے بروئے کار لانے پر زور دیا گیا، تاکہ مواصلاتی خلا کو پر کر کے ملک میں اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے۔ مزید برآں، کمیٹی نے ہدایت کی کہ مختلف بین الوزارتی امور کو جلد از جلد نمٹانے کے لیے پالیسی اقدامات اور متعلقہ فریقین سے مشاورت کا عمل تیز کیا جائے، تاکہ ان امور کو ایس آئی ایف سی کے پلیٹ فارم کے ذریعے موثر انداز میں حل کیا جا سکے۔

شناختی کارڈ کی میعاد ختم ہونے پر بروقت تجدید کرائیں

لاہور (نیوز رپورٹر) شناختی کارڈ کی میعاد ختم ہونے پر بروقت تجدید کرائیں، مدت ختم ہونے پر کسی بھی ادارے میں آپ کی بائیومیٹرک/ شناختی کارڈ کی تصدیق نہیں ہوگی اور آپ کو کئی مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔ ترجمان کے مطابق مدت ختم ہونے پر ایک ماہ کے اندر شناختی کارڈ کی تجدید کرانا قانوناً لازم ہے، شہری اپنی سہولت کے پیش نظر شناختی کارڈ کی مدت ختم ہونے سے کم از کم تین ماہ پہلے اس کی تجدید کرا لیں اور غیر ضروری پریشانی سے دور رہیں۔ میعاد ختم ہونے سے پہلے کسی بھی وقت نادرا پاک آئی ڈنٹیٹی موبائل ایپ کے ذریعے گھر بیٹھے آن لائن درخواست جمع کرائیں۔

مختلف علاقوں میں نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشن

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کرتے ہوئے 480 افراد کے کوائف درج کئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق سرچ آپریشنز تھانہ ایئر پورٹ، سول لائنز، ریس کورس اور صدر واہ کے مختلف علاقوں میں کئے گئے۔ سرچ آپریشنز میں پولیس کے ساتھ دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بھی حصہ لیا۔ سرچ آپریشنز میں مجموعی طور پر 95 گھروں، 73 دکانوں، 10 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، 02 کباڑ خانے اور انفرادی طور پر 300 سے زائد افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ و قانون شکن عناصر پر کڑی نظر رکھنا ہے۔

مضر صحت گوشت فروخت کرنے والے تین ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ وارث خان پولیس اور محکمہ فوڈ اتھارٹی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت گوشت فروخت کرنے والے 3 ملزمان گرفتار کر لئے۔ پیر کو وارث خان پولیس اور محکمہ فوڈ اتھارٹی نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت گوشت کی فروخت کرنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں مقدس علی، شرافت اور دانیال شامل ہیں۔ ملزمان سے بھاری مقدار میں مضر صحت گوشت برآمد ہوا۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی متحدہ عرب امارات کے فرسٹ سیکرٹری سے ملاقات

اصلاحاتی عمل کو پائیدار ترقی سے فروغ دینے والے ٹیکس نظام سے منسلک

پائیداری اور سبز تعمیراتی طریقوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے قومی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) دنیا بھر میں ماحولیاتی آلودگی اور کاربن کے اخراج کے بڑے عوامل میں شمار ہونے والی تعمیراتی صنعت، پاکستان میں بھی ماحولیاتی تبدیلیوں کے سنگین چیلنجز کو بڑھا رہی ہے، پائیدار ترقی، سرکولر اکانومی اور ماحول دوست تعمیرات کو فروغ دیے بغیر اس شعبے کو ملکی ماحولیاتی پالیسیوں سے ہم آہنگ نہیں بنایا جا سکتا۔ ماہرین نے قرار دیا کہ سبز تعمیرات کے لئے ٹیکس مراعات، سخت ماحولیاتی قوانین اور موثر نفاذی حکمت عملی کے بغیر اس صنعت کو پائیداری کی راہ پر گامزن نہیں کیا جا سکتا۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) کے زیر اہتمام منعقدہ ایک اعلیٰ سطح کے مشاورتی سیمینار میں کیا۔ اجلاس میں ماہرین، پالیسی سازوں اور صنعت کے نمائندوں نے تعمیراتی شعبے میں پائیداری، وسائل کے محتاط استعمال اور کاربن کے اخراج میں کمی کے لئے جامع اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا۔ پیر کو ایس ڈی پی آئی سے جاری پریس ریلیز کے مطابق چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے ماحولیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کلیدی خطاب میں بڑے شہری مراکز میں سالڈ ویسٹ کے بڑھتے ہوئے بحران اور اس کے دریائے سندھ پر سنگین اثرات کا ذکر کیا جو دنیا کا دوسرا سب سے زیادہ آلودہ دریا بن چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگرچہ غیر رسمی شعبہ مواد کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کے اصولوں پر عمل کر رہا ہے مگر باضابطہ شعبے کو بھی قومی پالیسیوں میں ضم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے تعمیراتی ضوابط کے نفاذ اور زیرو ویسٹ حکمت عملیوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لئے ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (ای پی اے) کے تحت ایک خصوصی نفاذی فورس تشکیل دینے کی تجویز بھی دی۔ ایس ڈی پی آئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عابد قیوم سلہری نے اس مشاورت کو ایک انقلابی قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ تعمیراتی شعبے کو سرکولر اکانومی اور صفر کاربن کے اہداف سے جوڑنے کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے۔

ایران کا پاکستان کی سرحد تک گیس پائپ لائن لانے کا بیان درست نہیں

ایران نے اپنے ایک خاص علاقے تک لائن بچھائی مگر وہ پاکستان کی سرحد تک نہیں آئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ ایران کی طرف سے پاکستان کی سرحد تک گیس پائپ لائن پہنچانے کا بیان درست نہیں، پائپ لائن پاکستان کی سرحد تک نہیں آئی۔ پیر کو اپنے کمرہ قومی اسمبلی ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی اجلاس میں وقفہ سوالات کا سیشن ہوا جس میں مختلف وزارت نے سوالات کے تحریری جوابات پیش کیے۔ وزیر تجارت نے پاک ایران گیس پائپ لائن کے سلسلے میں اہم پالیسی بیان دی